Member AKNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
www.dailydhartiajk.com
dailydharti@gmail.com
روزنامہ
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: اعجاز قمر
جلد 02 | منگل 06 ستمبر 2022ء، 08 صفر المظفر 1444ھ، 22 بھادوں 2079 ب | صفحات 04 / قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 208

آزاد کشمیر میں نااہلوں کا ٹولہ مسلط ہے، حقوق پر سودے بازی نہیں کرینگے، شاہ غلام قادر

کشمیر پالیسی کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا اور کشمیر کو بیچ ڈالا جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے ہم تقسیم کشمیر کے کسی فارمولے کو نہیں مانتے ہر محاذ پر ڈٹ کر مقابلہ کریں گے، نظام حکومت تباہ و برباد ہو چکا ہے

حکومت نام کی کوئی موجود نہیں ہے تعمیر وترقی کے کام ٹھپ ہو چکے ہیں، ٹورازم اتھارٹی کے نام پر آزاد کشمیر میں سیاحتی مقامات پر قبضہ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، راولاکوٹ میں ورکرز کنونشن سے خطاب

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے صدر و سابق سپیکر اسمبلی شاہ غلام قادر نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں نااہلوں کا ٹولہ مسلط ہو چکا ہے نظام حکومت تباہ و برباد ہو چکا ہے حکومت نام کی کوئی موجود نہیں ہے تعمیر وترقی کے کام ٹھپ ہو چکے ہیں، ہم اپنے حقوق پر کسی کو سودے بازی نہیں کرنے دینگے اگر پی ٹی آئی کی حکومت نے کسی بھی ترمیم کے ذریعے آزاد کشمیر کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کی کوشش کی تو اسمبلی اور اسمبلی کے باہر ہر گلی کوچے میں محاسبہ کرینگے، پاکستان مسلم لیگ (ن) ایک ہی ہے، جس کے قائد میاں نواز شریف ہیں جن کی قیادت میں ہم سب ایک ہیں، ہم پہلے ہی کہتے تھے آزاد کشمیر میں پی ٹی آئی کی حکومت کچھ نہیں کرسکتی لوگ کہتے ہیں وزیراعظم اس وقت جاگتا ہے جب عوام سو جاتی ہے ہم حکومت کو کہتے ہیں کہ ہمارے نامکمل (بقیہ 43 صفحہ 03 پر)

مشکل گھڑی میں سیاست نہیں کرنی چاہیے ملکر متاثرین سیلاب کیلئے کام کرنا ہوگا، شہباز شریف

سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے پرعزم، امدادی رقم 28 ارب سے بڑھا کر 70 ارب کردی، سندھ سیلاب سے بہت زیادہ متاثر ہوا

حکومت نے سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کو 25 ہزار روپے کی امداد کا سلسلہ بلوچستان سے شروع کیا، امدادی کیمپ کے دورہ پر گفتگو

قمبر شہدادکوٹ (صباح نیوز) وزیراعظم میاں شہباز شریف نے کہا ہے کہ مشکل گھڑی میں سیاست نہیں کرنی چاہیے، سب کو مل کر متاثرین کے لئے کام کرنا ہوگا۔ سوموار کو سیلاب زدگان سے اظہار یکجہتی کا مشن، وزیراعظم نے سندھ کے ضلع قمبر شہدادکوٹ کا دورہ کیا اور متاثرہ علاقوں کا فضائی جائزہ بھی لیا۔ بلاول بھٹو اور مراد علی شاہ بھی وزیراعظم شہباز شریف کیساتھ تھے، اس دوران وزیراعظم کو سیلاب سے ہونے والے نقصانات اور امدادی (بقیہ 28 صفحہ 03 پر)

یوم دفاع پاکستان آج جوش و جذبہ سے منایا جائے گا

فوج کے کارنامے باعث فخر ہیں، صدر، وزیراعظم آزاد کشمیر کے پیغامات

اسلام آباد، مظفرآباد (دھرتی نیوز) ملک بھر میں یوم دفاع (آج) بروز منگل 6 ستمبر اور یوم فضائیہ (کل) بروز بدھ 7 ستمبر کو ملی جوش و جذبے سے منایا جائیگا اس سلسلہ میں (بقیہ 42 صفحہ 03 پر)

دھیرکوٹ: وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان کا دھیرکوٹ کے مقام پر استقبال کیا جارہا ہے۔

کورونا، مزید 2 مریض دم توڑ گئے، 190 نئے کیسز رپورٹ

اسلام آباد (صباح نیوز) مہلک عالمی وبا کورونا وائرس کے باعث ملک بھر میں مزید 2 مریض جان کی بازی ہار گئے، گذشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران 190 نئے کیسز (بقیہ 44 صفحہ 03 پر)

آرمی چیف سمیت پوری فوج محبِ وطن ہے، صدر مملکت

عمران خان اپنے بیان کی خود ہی وضاحت کرسکتے ہیں، صحافیوں سے گفتگو

پشاور (صباح نیوز) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ آرمی چیف سمیت پوری فوج محب وطن ہے جن کی حب الوطنی پر شک نہیں کرنا چاہیے، عمران خان اپنے بیان کی خود ہی وضاحت کرسکتے ہیں اور اس حوالہ سے انہیں سے پوچھا جانا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار (بقیہ 45 صفحہ 03 پر)

جامعات کو درپیش مالی مسائل حل کرنے کیلئے موثر اقدامات کئے جائینگے، صدر آزاد کشمیر

بیرسٹر سلطان محمود کی سربراہی میں ہائیر ایجوکیشن کمیشن، آزاد کشمیر کی سرکاری جامعات کی مشترکہ میٹنگ، جامعات کے مسائل پر بریفنگ

میٹنگ سے اعلیٰ تعلیم کے فروغ کے لئے اقدامات اُٹھانے، معیار تعلیم بہتر بنانے کے لئے لائحہ عمل میں مدد ملے گی، بیرسٹر سلطان

اسلام آباد (دھرتی نیوز) صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری و چانسلر آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹیز کی سربراہی میں ایوان صدر کشمیر ہاؤس میں ہائیر ایجوکیشن کمیشن اور آزاد کشمیر کی سرکاری جامعات کی مشترکہ میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر میٹنگ میں صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری کے علاوہ چیئرمین ہائیر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان پروفیسر ڈاکٹر مختار احمد، وائس چانسلر آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹی (بقیہ 46 صفحہ 03 پر)

اسلام آباد: صدر آزاد کشمیر و چانسلر آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹیز بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سرکاری جامعات کی مشترکہ میٹنگ کی صدارت کررہے ہیں۔

مسائل حل کرنے کیلئے فنڈز کی فراہمی یقینی بنائینگے، وزیراعظم

وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس دورہ باغ کیلئے روانہ ہوئے تو راڑہ، کوہالہ، چمن کوٹ، دھیرکوٹ، ارجہ کے مقامات پر شاندار استقبال کیا گیا، کارکنان نے ان کے حق میں نعرے لگائے، پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں

حکومت سیوریج، پانی، ڈرینج کے مسائل کے حل کے لیے فنڈز کی فراہمی یقینی بنارہی ہے، میں پونچھ کا بیٹا ہوں، ہم دلیر لوگ ہیں، ہم فیصلہ کرنے سے کبھی نہیں گھبراتے، مسائل حل کرنا ہماری ذمہ داری ہے، سردار تنویر الیاس

باغ (پی آئی ڈی) وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر سردار تنویر الیاس خان وزراء کرام اور ہزاروں کارکنان کے جلوس کے ہمراہ مظفرآباد سے باغ جلسہ کے لیے روانہ ہوئے تو راڑہ میں ڈھول کی تھاپ اور روایتی کھیل گتکا پر تپاک استقبال کیا گیا، راڑہ کے مقام پر امیدوار اسمبلی راجہ ثاقب مجید، میر شفیق و دیگر موجود تھے، راڑہ کے بعد کوہالہ کے مقام پر چیئرمین وزیراعظم معائنہ و عملدرآمد کمیشن راجہ منصور علی خان اور ان کے ساتھیوں نے استقبال کیا، پھولوں کی پتیاں نچھاور اور "تیری آس میری آس تنویر الیاس" کے نعروں سے فضا گونج اٹھی۔ جب وزیراعظم قافلے کے ہمراہ کوہالہ پہنچے تو وہاں پر بھی فلک شگاف نعروں سے ان کا استقبال کیا گیا، کوہالہ اور گرد و نواح میں مقیم لوگوں نے وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان سے مطالبہ کیا (بقیہ 41 صفحہ 03 پر)

باغ: وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس، دھیرکوٹ، ارجہ، منگ بجری، ہاڑی گہل پہنچنے پر استقبال کیا جارہا ہے۔

آرمی چیف سے متعلق عمران خان کے بیانات، حکمران اتحاد، فوج میں غم و غصہ

عمران خان نے جلسے میں افواج پاکستان اور اس کی قیادت کے خلاف نفرت پھیلانے اور حساس پیشہ وارانہ امور کو متنازعہ بنایا، پی ڈی ایم

آرمی چیف کی تعیناتی کا آئین میں واضح طریقہ کار موجود، اس عہدے کو متنازع بنانے کی کوشش افسوس ناک عمل ہے، آئی ایس پی آر

اسلام آباد (صباح نیوز) حکومتی اتحاد میں شامل جماعتوں نے عمران خان کی جانب سے فوج مخالف بیانات کی شدید مذمت کی ہے۔ حکومتی اتحاد کے مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ عمران خان نے جلسے میں افواج پاکستان اور اس کی قیادت کے خلاف نفرت پھیلانے اور حساس پیشہ (بقیہ 47 صفحہ 03 پر)

راولپنڈی (صباح نیوز) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ فیصل آباد میں ہونے والے (بقیہ 48 صفحہ 03 پر)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ، وفاقی حکومت سمیت دیگر کو نوٹس

لاہور (صباح نیوز) لاہور ہائیکورٹ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف متفرق درخواست پر وفاقی حکومت، وزارت پٹرولیم اور اوگرا کو نوٹس جاری کرتے (بقیہ 50 صفحہ 03 پر)

ایک شخص نے ملک کو کمزور کرنے کا ٹھیکہ لیا ہوا ہے، آصف زرداری

سب کو انسان اور حیوان کا پتہ چل گیا، قوم سیلاب متاثرین کیساتھ ہے، بلاول

کراچی (صباح نیوز) سابق صدر اور پاکستان پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ ساری قوم کو نظر آرہا ہے کہ اس قوم کا فتنہ کون ہے، ہر سپاہی سے لیکر جرنیل تک ہر ایک بہادر اور محب وطن ہے۔ ان خیالات کا اظہار سابق صدر آصف علی زرداری نے (بقیہ 49 صفحہ 03 پر)

وزیراعظم آزاد کشمیر تنویر الیاس آج آبائی حلقہ کا دورہ کرینگے، استقبال کی تیاریاں مکمل

ڈیڑھ بجے پر ارجہ کراس بنگوئیں میں پہنچیں گے جہاں ان کا فقید المثال استقبال کیا جائے گا اور صغیر چغتائی مرحوم کی قبر پر لے جایا جائیگا

اڑھائی بجے سابق ممبر آزاد جموں وکشمیر کونسل اور ممبر اسمبلی سردار صغیر چغتائی کی پہلی برسی کی تقریب منعقدہ ہلاں بنگوئیں میں شریک ہوں گے

پانیولہ (نامہ نگار) وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان وزیر منتخب ہونے کے بعد آج پہلی مرتبہ اپنے آبائی حلقے بنگوئیں کا دورہ کریں گے پروگرام کے مطابق دن کو ایک بجکر تیس منٹ پر ارجہ کراس بنگوئیں میں پہنچیں گے جہاں ان کا فقید المثال استقبال کیا جائے گا اور انہیں بڑے جلوس کے ساتھ سردار صغیر چغتائی مرحوم کی قبر پر لے جایا جائے گا جہاں دعا کے بعد اڑھائی بجے یہ سابق ممبر آزاد جموں وکشمیر کونسل اور ممبر اسمبلی سردار صغیر چغتائی کی پہلی برسی کی تقریب منعقدہ ہلاں بنگوئیں میں شریک ہوں گے شام سات بجے سردار ہاؤس بنگوئیں میں کارکنوں سے ملاقاتیں کریں گے اور رات کو یہیں قیام (بقیہ 51 صفحہ 03 پر)

ہمیں عالمی ماحولیاتی تغیرات کو سمجھنا ہوگا، عمران خان

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ پاکستان سیلاب کی (بقیہ 53 صفحہ 03 پر)

پاکستان نے ہر دور میں بھارتی عزائم کو ناکام بنایا، سردار عتیق

خطے کے تمام مسلمانوں کی بقاء اور سلامتی کی جنگ لڑی، خصوصی پیغام

مظفرآباد (دھرتی نیوز) آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے قائد و سابق وزیراعظم سردار عتیق احمد خان نے کہا ہے کہ پاکستان نے ہندوستان کے جارحانہ عزائم کا ہر دور میں کامیابی سے مقابلہ کر کے خطے کے تمام مسلمانوں کی بقاء اور سلامتی کی جنگ لڑی ہے۔ 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان (بقیہ 52 صفحہ 03 پر)

شیلا جیکسن کا سیلاب متاثرین کے لیے 30 ملین ڈالرز کی امداد کا اعلان

اسلام آباد (صباح نیوز) امریکی رکن کانگریس شیلا جیکسن نے سیلاب متاثرین کے لیے 30 ملین امریکی ڈالرز کی امداد (بقیہ 54 صفحہ 03 پر)

عمران خان بیرونی ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں، چوہدری یاسین

یہ شخص اداروں کی تباہی کے منصوبے پر کام کر رہا ہے، صدر پی پی پی

اسلام آباد (دھرتی نیوز) 5 ستمبر 2022 صدر پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر و ممبر آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی چوہدری محمد یٰسین نے کہا ہے کہ عمران خان کی جانب سے افواج پاکستان کے خلاف ایک نئی مہم اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ وہ اداروں کو تباہ کرنے کے بیرونی (بقیہ 55 صفحہ 03 پر)

افغانستان میں زلزلے سے 8 افراد ہلاک، متعدد زخمی

کابل (صباح نیوز) افغانستان کے شمال مشرقی حصے میں زلزلے سے 8 افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق افغانستان کے شمال مشرقی حصے میں (بقیہ 57 صفحہ 03 پر)

فوج مخالف بیان، عمران اپنے لئے مشکلات پیدا کرینگے، عدالت

ایسے بیانات دے کر عدالتوں سے ریلیف کی توقع نہ کریں، چیف جسٹس

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ہائیکورٹ نے عمران کی براہ راست تقریر پر پابندی کے حکم امتناع کیخلاف درخواست نمٹا دی، چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس اطہر من اللہ نے چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کی براہ راست تقریر پر پابندی کے حکم امتناع آرڈر کے (بقیہ 56 صفحہ 03 پر)

توہین عدالت کیس، آئندہ سماعت پر رانا شمیم سے گواہوں کی فہرست طلب

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ہائیکورٹ نے توہین عدالت کیس میں آئندہ سماعت پر سابق چیف جج گلگت بلتستان (بقیہ 58 صفحہ 03 پر)

امریکی کانگریس کے وفد کی سیلاب کی تباہ کاریوں پر تشویش

سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں جاری امدادی سرگرمیوں پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان کے دورے پر آئے امریکی کانگریس کے وفد نے سیلاب کی تباہی کے حوالے سے مشکل وقت میں پاکستان کے ساتھ مکمل تعاون کا اعلان کیا (بقیہ 59 صفحہ 03 پر)

عالمی برادری سے سیلاب زدہ علاقوں میں ریلیف آپریشن میں مدد کے خواہاں ہیں، مسعود خان

ہمیں انسانی جانوں کو بچانا ہے، خوراک، پناہ گاہ اور ادویات کی فوری ضرورت ہے، عالمی برادری کو زیادہ مدد کرنا ہوگی، پاکستانی سفیر

پاکستان کے سیلاب زدگان کی مدد کریں، معروف امریکی چینل فوکس نیوز کی امریکی فلاحی اداروں اور شہری تنظیموں سے اپیل

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکہ میں پاکستان کے سفیر مسعود خان نے کہا ہے کہ ہم بین الاقوامی برادری سے ریلیف اور ریسکیو آپریشن میں فوری معاونت کے خواہاں ہیں۔ معروف اینکر ٹام فلس جیرالڈ کی جانب سے سیلاب متاثرین کی مدد کی اپیل اپنے پروگرام "آن دی مل" میں پاکستانی سفیر مسعود خان کے لائیو انٹرویو کے دوران کی گئی۔ ٹام فلس جیرالڈ نے اپنے ابتدائی کلمات میں کہا کہ پاکستان میں سیلاب سے بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی ہے، تقریباً 1300 افراد جاں بحق جبکہ ملک کا ایک تہائی حصہ پانی میں ڈوبا ہوا ہے۔ پاکستان میں ہونے والے نقصانات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے پروگرام کے میزبان نے (بقیہ 60 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: پاکستان تحریک انصاف آزاد کشمیر ویمن ونگ کی صدر و پارلیمانی سیکرٹری پروفیسر تقدیس گیلانی کی قیادت میں باغ جلسہ میں شرکت کیلئے قافلہ روانہ ہورہا ہے۔

صغیر چغتائی اور ان کے ساتھیوں کی برسی آج منائی جائے گی

وزیراعظم سمیت سیاسی جماعتوں کے قائدین بھی شریک ہوں گے

پانیولہ (نامہ نگار) سابق ممبر جموں وکشمیر کونسل و ممبر اسمبلی سردار صغیر چغتائی مرحوم اور ان کے ساتھیوں اقتصام سعید کیانی و محمد سعید خان کی سالانہ برسی چھ ستمبر بروز منگل ہلاں بنگوئیں کے مقام پر عقیدت و احترام سے منائی جائے گی برسی کی اس تقریب میں وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان وزراء حکومت ممبران اسمبلی سمیت تمام سیاسی جماعتوں کے مرکزی قائدین اور رہنما شریک ہوں (بقیہ 40 صفحہ 03 پر)

اسلام آباد، پشاور سمیت بالائی علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے

ریکٹر سکیل پر شدت 5.3 ریکارڈ، مرکز افغانستان کا کوہ ہندوکش ریجن تھا

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد، پشاور اور مردان سمیت بالائی علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق اسلام آباد، راولپنڈی، پشاور، مردان، ایبٹ آباد، صوابی، شبقدر سمیت بالائی علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے۔ ریکٹر سکیل پر زلزلے کی شدت 5.3 ریکارڈ کی گئی۔ امریکی ماہرین کے مطابق اسلام آباد سمیت مختلف شہروں میں محسوس (بقیہ 39 صفحہ 03 پر)

ہاؤسنگ سوسائٹیز لوگوں کو کم از کم ریٹس پر چھت دیں، لطیف اکبر

متاثرین سیلاب کی مدد کیلئے ہم سب کو ایک پلیٹ فارم پر متحد ہونا ہوگا

مظفرآباد (دھرتی نیوز) اپوزیشن لیڈر آزاد کشمیر چوہدری لطیف اکبر نے کہا ہے کہ پرائیویٹ ہاؤسنگ سوسائٹیز لوگوں کو کم از کم ریٹس پر چھت دیں اگر کسی بے گھر کو گھر مل جاتا ہے تو یہ سوسائٹی مالکان کے لیے کاروبار بھی ہے اور غریب لوگوں سے نیکی بھی ہے آج کا دور بہت مشکل دور ہے ہر انسان کو ایک دوسرے کی بھلائی کے کام آنا ہے۔ پاکستان میں سیلاب متاثرین کیلئے پاکستان میں موجود تمام (بقیہ 38 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: اپوزیشن لیڈر آزاد کشمیر اسمبلی چوہدری لطیف اکبر نجی دفتر کا افتتاح کر رہے ہیں۔

تنخواہ دار طبقے پر اضافی ٹیکس کا جواز سمجھ نہیں آرہا، چیف جسٹس

کارپوریٹ سیکٹر میں دس لاکھ تنخواہ کی انکم پر 30 فیصد ٹیکس کا کیا جواز ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا ہے کہ تنخواہ دار طبقے پر اضافی ٹیکس کا جواز سمجھ نہیں آرہا۔ سپریم کورٹ میں تنخواہ دار طبقے پر اضافی ٹیکس سے متعلق اپیلوں پر کیس کی سماعت ہوئی۔ سپریم کورٹ نے ایف بی آر کے وکلا کی سرزنش کردی۔ جسٹس منصور علی شاہ نے کہا کہ کارپوریٹ سیکٹر میں دس لاکھ تنخواہ کی انکم پر 30 فیصد ٹیکس کا کیا جواز ہے؟ دس (بقیہ 37 صفحہ 03 پر)

پاکستان پیپلز پارٹی کا پونچھ ورکرز کنونشن 12 ستمبر کو ہوگا

چوہدری یاسین، سردار یعقوب سمیت مرکزی قائدین شریک ہونگے

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے زیر اہتمام پونچھ ورکرز کنونشن 12 ستمبر کو مقامی ہوٹل میں منعقد ہوگا۔ ورکرز کنونشن سے پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے صدر چوہدری محمد یٰسین سابق صدر و وزیراعظم آزاد کشمیر سردار یعقوب خان اپوزیشن لیڈر چوہدری لطیف اکبر مرکزی سیکرٹری جنرل فیصل راٹھور مرکزی چیف آرگنائزر ضیاء القمر سمیت دیگر مرکزی (بقیہ 36 صفحہ 03 پر)

شازیہ اصغر ایڈووکیٹ محکمہ اطلاعات کی لیگل ایڈوائزر تعینات

محکمہ قانون انصاف، پارلیمانی امور کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری

مظفرآباد (پی آئی ڈی) شازیہ اصغر ایڈووکیٹ کو محکمہ اطلاعات کا لیگل ایڈوائزر تعینات کر دیا گیا۔ محکمہ قانون انصاف، پارلیمانی امور و انسانی حقوق کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ شازیہ اصغر ایڈووکیٹ نے لیگل ایڈوائزر محکمہ اطلاعات کی ذمہ داریاں سنبھال کر کام شروع کر دیا۔ شازیہ اصغر ایڈووکیٹ نے ایل ایل بی کی تعلیم کراچی یونیورسٹی سے حاصل کی اور آزاد کشمیر کے علاوہ (بقیہ 35 صفحہ 03 پر)

جامعہ پونچھ ایڈوانس اسٹڈیز کا اجلاس، 20 طلبہ کا ایم فل کیلئے سناپسز کا دفاع

پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف کی زیر صدارت ایڈوانس اسٹڈیز بورڈ کا 31 واں اجلاس، ممبران کا تحقیقی طریقہ کار پر اظہار اعتماد

سناپسز کا دفاع کرنیوالوں میں 6 طلبہ ایم فل باٹنی، 3 کیمسٹری، 2 میتھامیٹکس، ایک فزکس، 6 زوالوجی اور 2 ایم ایس سی آنرز سے ہیں

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ کے ایڈوانس اسٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ کے 31 ویں اجلاس میں ایم فل اور ایم ایس سی آنرز کے 20 طلبہ و طالبات نے اپنے سناپسز کا کامیابی سے دفاع کیا۔ ڈین بیسک اینڈ اپلائیڈ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف خان کی زیر صدارت اجلاس میں طلبہ نے تحقیقی طریقہ کار اور تحقیق کی مختلف جہتوں سے متعلق ممبران کے سوالات کے جواب دیئے۔ جبکہ ممبران نے تحقیق کے عنوانات اور طریقہ کار پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے سپروائزرز اور طلبہ کو مفید ہدایات دیں۔ سناپسز کا دفاع کرنے والوں میں 6 طلبہ کا تعلق ایم فل باٹنی، 3 کا تعلق ایم فل (بقیہ 29 صفحہ 03 پر)

راولاکوٹ: ڈین بیسک سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف ایڈوانس سٹڈیز کے 31 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تقریر درست ہو یا غلط، بند نہیں کیا جاسکتا، اسلام آباد ہائیکورٹ

اگر کوئی غلط بات کرے تو اسے پکڑیں، پورا چینل بند کر دینا درست نہیں

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ہائی کورٹ میں صحافیوں کے مسائل اور ان کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات کے کیس کی سماعت کے دوران چیف جسٹس اطہر من اللہ نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا ہے کہ تقریر درست ہو یا غلط اب اسے بند نہیں کیا جا سکتا۔ سوموار کو اسلام آباد ہائی کورٹ میں صحافیوں کے مسائل اور ان کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات کے کیس کی سماعت (بقیہ 31 صفحہ 03 پر)

پریس فاؤنڈیشن بورڈ آف گورنرز کا اجلاس 8 ستمبر کو طلب

مظفرآباد (پی آئی ڈی) چیئرمین آزاد جموں وکشمیر پریس فاؤنڈیشن / جج عدالت العالیہ جناب جسٹس سردار لیاقت حسین نے آزاد جموں وکشمیر پریس فاؤنڈیشن کے بورڈ آف گورنرز کا اجلاس مورخہ 8 ستمبر 2022 بروز جمعرات (بقیہ 30 صفحہ 03 پر)

بھارت کے خلاف پاکستان کی جیت، مقبوضہ کشمیر میں جشن کا سماں

نوجوان باہر نکل آئے، پاکستان اور آزادی کے حق میں نعرے لگائے

سرینگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں وکشمیر میں اتوار کو دبئی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں ایشیا کپ میں بھارت کے خلاف پاکستان کی جیت کے بعد کشمیری قابض بھارتی فوج کی موجودگی میں سرینگر اور وادی کے دیگر علاقوں میں سڑکوں پر نکل آئے اور خوشی سے جھوم اٹھے۔ اگرچہ کشمیری نوجوانوں کو گھروں میں محصور رکھنے کے لیے بھارتی فوج، پولیس اور ایجنسیاں سڑکوں پر گشت کر رہی تھیں۔ (بقیہ 32 صفحہ 03 پر)

سیلاب کی تباہ کاریوں نے مزید 26 افراد کی جان لے لی

اسلام آباد (صباح نیوز) ملک بھر میں سیلاب نے گذشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران مزید 26 افراد کی جان لے لی، مجموعی تعداد 1290 تک پہنچ گئی، جاں بحق ہونے والوں میں (بقیہ 33 صفحہ 03 پر)

کشمیریوں کو مستقبل کا فیصلہ کرنے کیلئے استصواب رائے کا حق دیا جائے، ڈاکٹر خالد

تقسیم کشمیر کا عالمی استعماری ایجنڈا ناکام بنائیں گے، تحریک آزادی کشمیر دراصل تحریک پاکستان ہی کا تسلسل ہے

کشمیریوں نے جہاد کے ذریعے آزادی حاصل کی ہے اور بقیہ کشمیر کی آزادی کے لیے جدوجہد جاری ہے، گفتگو

اسلام آباد (صباح نیوز) جماعت اسلامی آزاد جموں وکشمیر کے امیر ڈاکٹر خالد محمود خان نے کہا ہے کہ عالمی برادری کشمیریوں کو اپنے سیاسی مستقبل کا فیصلہ کرنے کے لیے استصواب رائے کا حق فراہم کرے، تقسیم کشمیر کا عالمی استعماری ایجنڈا ناکام بنائیں گے تحریک آزادی کشمیر دراصل تحریک پاکستان ہی کا تسلسل ہے کشمیریوں نے جہاد کے ذریعے آزادی حاصل کی ہے اور بقیہ کشمیر کی آزادی کے لیے جدوجہد جاری ہے، جماعت اسلامی بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی کارکنان مہم کو تیز کریں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے امراء اضلاع کے ماہانہ اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کیا اس (بقیہ 34 صفحہ 03 پر)

اسلام آباد: جماعت اسلامی آزاد کشمیر کے امیر ڈاکٹر خالد محمود خان امراء اضلاع کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

Editorial

ایڈیٹوریل

عدالت والی مسجد

چٹکا
ڈاکٹر محمد صغیر خان

جی ہاں..... اس زمانے میں جب میں نے ہوش سرت سنبھالی، تب راولاکوٹ بازار میں محض دو مساجد ہوتی تھیں..... ایک بڑی میت اور دوسری سپلائی والی مسجد..... ان دونوں مساجد میں مجھ ایسوں کی نظر میں زمینی بعد کے علاوہ تب کوئی تفاوت تھی نہ اب کوئی فرق ہے کہ ہم باریک باتوں کو سمجھنے کی اہلیت ذرا کم ہی ہے۔ بڑی میت کا انصرام تب مولانا عبدالعزیز تھوراڑوی، مولانا عبدالرزاق، مولانا سعید اور پھر مفتی عبدالخالق صاحب کے ہاتھ تھا تو انہیں سردار مختار خان ایڈووکیٹ، ڈاکٹر نواز خان اور حوالدار حیات صاحب کی سرپرستی یا معاونت حاصل تھی تو سپلائی والی مسجد کا انصرام مولانا نذیر خان (پیرخان)، مولانا سعید خان اور ازاں بعد قاری فیض صاحب اور ڈاکٹر اسلم ظفر صاحب کے پاس تھا۔ وقت گزرتا رہا..... جب ذرا سیانت آئی تو محسوس ہوا کہ ہر دو مساجد میں زمینی فاصلوں کے علاوہ سوچ کی ذرا سی علیحدگی کا عنصر بھی موجود ہے۔ لیکن دو مراکز سے متعلق اصحاب میں اس قدر متانت اور سنجیدگی پائی جاتی تھی کہ یہ فرق اختلاف کی صورت کم ہی ظاہر ہوا..... صد شکر کہ آج بھی ہمارے معاشرے میں کسی قدر تلخ اور شدت پسندانہ رویوں کے باوجود مذہبی رواداری کا خوشنما رنگ دور سے صاف لشکتا نظر آرہا ہے۔ وقت گزرتا رہا، آبادی میں اضافہ ہوتا گیا اور بازار شہر کا چولا پہنتا گیا۔ ایسے میں جہاں سب کچھ "مزید" بنتا گیا وہاں مساجد کی تعداد میں بھی الحمدللہ اضافہ ہوتا رہا جو بہرحال خوش آئند امر ہے۔ مجھ کور مغز کے نزدیک محض متذکرہ بالا سبب کے باعث سالوں پہلے راولاکوٹ صابر شہید اسٹیڈیم کے پہلو میں ایک نئی "مسجد" کا آغاز ہوا۔ اس وقت تک اس مسجد سے جڑی فکر کی رہنمائی مقامی طور پر قاری فیض صاحب اور ڈاکٹر اسلم ظفر اور ان کے خانوادے کے ہاتھوں میں ہی تصور کی جاتی تھی۔ پھر وہ وقت آیا جب استاد محترم ڈاکٹر عبدالقدوس یہاں مستقل تشریف لائے اور انہوں نے اس مسجد کا انتظام اور وقت کے ساتھ ساتھ متذکرہ فکر کی قیادت کا بوجھ اٹھا لیا۔ اب اگرچہ راولاکوٹ ایک اچھا بھلا شہر ہے۔ جس میں کئی مساجد بن چکی ہیں اور مزید بنتی رہیں گی، لیکن اپنی قدامت کے باعث اولاً "بڑی میت" اور ثانیاً "عدالت والی مسجد" کو جو پہچان اور تقدس حاصل ہے وہ محض انہی کا حصہ ہے۔

ڈاکٹر عبدالقدوس اعلیٰ تعلیم یافتہ، سلجھے ہوئے نفیس شخص ہیں۔ اسی لئے انہوں نے "عدالت والی مسجد" کو روز افزوں ترقی کی راہ دکھلائی۔ اس عمل میں ان کے بہت سے ظاہری اور پوشیدہ معاونین یقیناً ہوں گے لیکن ان کی محنت اور ذہانت کا اس باب میں حصہ یقیناً باقیوں سے کئی زیادہ ہے۔

ذرا ٹھہریئے..... "بڑی میت" اور "عدالت والی مسجد" کے ناموں میں بہت سے ماتھوں پر شکنیں ابھرتی ہوں گی اور یہ بھی سچ ہے کہ ان مساجد یا مراکز کے "آفیشل" نام کچھ اور ہوں گے لیکن راولاکوٹ کے مستقل وسنیکوں کے لئے ان مساجد کے وہی پرانے اور مستعمل نام اہم ہیں اور یہی نام ان کے حافظوں کا حصہ بن چلے ہیں۔ خیر سے میں بھی ان ہی "پرانے سرائے" راولاکوٹیوں میں سے ایک ہوں سو ان مساجد کو ان ہی محبت بھرے ناموں سے پکار کر ایک سرور سا محسوس ہوتا ہے، لہٰذا یہی عمل میرے مزاج کا حصہ بن چلا ہے (کسی کو یہ نام پانے گراں گزریں تو معافی چاہوں گا لیکن وہ اتنا بہرحال یاد رکھیں گے محبت کے نام ذرا اور ہوتے ہیں)۔

ہاں تو بات ہو رہی تھی "عدالت والی مسجد" کی..... اللہ کی رحمت اور متعلقین کی محنت سے یہ مسجد روز بروز وسیع ہوتے اب ایک باقاعدہ کمپلیکس کی صورت اختیار کرتی جارہی ہے۔ اس کا تعمیراتی کام بھی جاری ہے۔ یقیناً اس عمل میں ڈاکٹر عبدالقدوس صاحب اور ان کے معاونین کے روابط سے ہی معاملات آگے بڑھ رہے ہوں گے لیکن میری خواہش ہے کہ ہم اہلیان راولاکوٹ کو ذرا آگے بڑھ کر عدالت والی مسجد کے اس تعمیراتی عمل کا حصہ بننا چاہیے کہ "بڑی میت" کے بعد یہ مسجد میرے اور آپ کے شہر کی ایک بڑی شناخت ہے۔ سچ پوچھئے تو ہر چیز کی کثرت سے شاید انسانی زندگیوں میں سہولت تو ضرور پیدا ہورہی ہوگی لیکن اس سے انسان اپنی شناخت کھوتا جارہا ہے۔ راولاکوٹ..... جی ہاں..... پرانا اور نیا راولاکوٹ ہم سب کا وجود ہے تو ایسے محدود سے چند مراکز ہمارا چہرہ ہیں۔ اپنے چہرے کو سنوارنا، نکھارنا ہر ایک کی خواہش بھی ہوتی ہے اور شاید "فرض" یا "قرض" بھی۔ سو ہمیں سوچوں میں کسی قدر فرق کو آپس کے لئے "خلیج بنگال" بنانے کے بجائے باہم "رومیل" ڈھونڈنے کی راہ پر چلنا چاہیے تاکہ ہم جہاں اپنے عقائد اور جذبات کو "سکون آمیز" کرسکیں وہاں دنیا کے لئے اپنی شناخت اور وجود کو استحکام دے سکیں۔

"عدالت والی مسجد" کو جب بھی سوچتا ہوں تو جہاں مجھے پروفیسر منصور راہی، حوالدار احمت مرحوم، حوالدار صدیق مرحوم اور صوفی سردار افسر خان مرحوم کے چہرے نظروں کے سامنے گھومتے نظر آتے ہیں وہاں اب حاجی طاہر و پیر اعجاز کی محبتیں اور شفقتیں بھی صاف نظر آتی ہیں۔ اسی طرح اس School of Thought کے حوالے سے مولانا نذیر خان مرحوم، مولانا سعید خان مرحوم اور استاد علی المرتبت قاری فیض مرحوم کے علاوہ ڈاکٹر اسلم ظفر ایسے اصحاب کی یاد بھی تازہ ہو جاتی ہے۔ آخرالذکر اصحاب کا ذکر آیا تو محض برمحل تذکرہ کہہ دوں یہ خانوادہ جسے ہمارے بڑے "شمس آل" کے نام سے پکارتے ہیں، اس علاقے کے جری، بہادر اور ذہین لوگوں میں سے ایک ہیں۔ ان لوگوں نے 1947ء میں بہادری کی اعلیٰ مثالیں قائم کیں، بھرپور کردار ادا کیا۔ ازاں بعد انہوں نے اپنی فکر کے مطابق دینی عمل کو مسلسل آگے بڑھایا اور کھیل کے شعبے میں بھی لوہا منوایا۔

بات کہیں سے کہیں چلی جاتی ہے کہ "ترتیب" کا لحاظ کوئی کار سہل نہیں اور پھر میں اس حوالے سے بے حد "بھونڈ" بھی واقع ہوا ہوں..... آج میں تو بس "عدالت والی مسجد" کا قصیدہ کہنے بیٹھا تھا اور سبھوں سے یہ گزارش کرنی بھی ہے کہ آیئے سب مل کر "عدالت والی مسجد" کو ایک دیدہ زیب، وسیع اور پرسکون علامت اور نشانی میں بدلنے میں اپنا کردار ادا کریں کہ یہ سب کچھ ہماری دنیاوی شناخت اور اخروی راحت کا سبب بھی تو ہوسکتا ہے۔

عدالت والی مسجد کی کہانی کہی جائے تو جہاں محترم ڈاکٹر عبدالقدوس خان کا قصیدہ کہنا لازم ہو جاتا ہے وہاں مرحوم مولانا تنویر صاحب کا مرثیہ بھی نہ کہنا زیادتی ہوگی کہ مرحوم بے حد نفیس و ملائم شخص تھے۔ انہوں نے اس مسجد و مرکز کی "آبیاری" کے لئے میری دانست میں بساط بھر بلکہ اس سے بڑھ کر جذبات سرانجام دی ہیں۔ اللہ ان کی محنت شاقہ کو قبول کرے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے۔ امین

سردار صغیر چغتائی کی پہلی برسی

دنیا کو حقیقت میں سمجھا جائے تو یہ ایک اجاڑ گاہ اور غموں کا مسکن ہے، یہ دنیا عارضی فانی و بے ثبات ہے، اس کے پل پل میں چھپے اتنے بھیانک طوفان ہیں جن کا تصور بھی محال ہے، دنیا کا اللہ پاک نے نظام ہی عارضی بنایا ہے، حقیقت میں دنیا ایک مستقر ہے مسافر خانہ، اس مسافر خانہ میں انسان اللہ پاک کے مقرر کردہ وقت کیلئے آتا ہے زندگی جو چھٹی اور چھپے ہوتی ہے بسر کر کے چلا جاتا ہے، کائنات قدرت کے اس چھوٹے سے سیارے جس کا اللہ پاک نے نام زمین رکھا ہے اس کو سب سے افضل ذی روح مخلوق انسان کا مسکن بنایا ہے، اصل میں انسان کا اصل مسکن یہ زمین نہیں یہ کہیں اور سے آیا ہے جو اس زمین سے بہت اعلیٰ و بالا مقام ہے، اسی واسطے انسان کے خمیر میں جدت و شدت ہے، درحقیقت انسان اپنا کھویا ہوا مقام تلاش کر رہا ہے، اسی لئے اس زمینی سیارے پر اپنے کھوئے ہوئے مقام کے نمونے بنا رہا ہے، گاہے گاہے انسان کے بنائے ہوئے آسائش کے سامان طوفانوں کی وجہ سے تباہ و برباد ہوتے رہتے ہیں مگر انسان ہمت نہیں ہارتا اور مسلسل انہیں بنانے کی تگ و دو میں لگا رہتا ہے، انسان کی اصل حقیقت یہ ہے کہ اللہ پاک نے اس کو اپنے بہتر اظہار کیلئے پیدا کیا ہے اور تمام مخلوق کو انسان کے فائدے کیلئے بنایا ہے ہر زمینی مخلوق سے انسان فوائد حاصل کر رہا ہے اور ساتھ ہی آسمانی مخلوق سے بھی بعض اوقات یہ فوائد والی چیزیں نقصان بھی پہنچا دیتی ہیں، پانی جس میں اللہ پاک نے زندگی رکھی ہے یہی پانی کبھی کبھی موت کا سبب بھی بن جاتا ہے، سردار صغیر چغتائی اور ان کے ساتھیوں کی موت کا سبب بھی پانی ہی بنا تھا،

الیاس جنڈالوی
بے نقاب

سردار صغیر چغتائی کی زندگی ایثار و قربانی سے لبریز تھی، سردار صغیر چغتائی نے اپنے گاؤں کے مقامی سکول سے ابتدائی تعلیم حاصل کی اور آج کے حسین شہید ڈگری کالج سے گریجویشن کی، سردار صغیر چغتائی نے ایام طالب علمی سے ہی سیاست میں حصہ لینا شروع کیا پیپلز سٹوڈنٹس آرگنائزیشن پیپلز پارٹی کی ذیلی تنظیم میں فعال کردار ادا کیا، اور کئی کلیدی عہدوں پر بھی فائز رہے، جب سردار خالد ابراہیم خان مرحوم نے جموں کشمیر پیپلز پارٹی کا قیام عمل میں لایا تو سردار صغیر چغتائی اس کے بانی رہنماؤں میں شمار ہوئے، اور اس جماعت کے کلیدی عہدوں پر فائز رہے، پھر آپ مسلم کانفرنس میں شامل ہوئے اس جماعت کے پلیٹ فارم سے دو مرتبہ ممبر کشمیر کونسل اور ایک مرتبہ الیکشن جیت کر ممبر قانون ساز اسمبلی بنے، کئی حکومتی کمیٹیوں کے سربراہ بھی رہے، آخر میں پاکستان تحریک انصاف میں شامل ہوئے، اس وقت آزاد کشمیر میں الیکشن کی آمد آمد کا شور تھا، سردار صغیر چغتائی عوامی رہنما تھے فاروق حیدر حکومت کے ظالمانہ طور پہ آٹا مہنگا کرنے کی وجہ سے آٹا مہنگائی کے خلاف تحریک زوروں پر تھی شارع غازی ملت پہ لوگ دھرنا دیئے بیٹھے تھے سردار صغیر چغتائی حلقہ کا دورہ کرنے کے بعد آٹا مہنگائی تحریکوں کی یکجہتی کیلئے دھرنا میں گئے اور دیر تک دھرنے میں شرکت کی، اس کے بعد اپنے ڈرائیور اور سیکرٹری کے ہمراہ راولپنڈی کو روانہ ہوئے، آزاد پتن کے مقام پر ان کی گاڑی کو حادثہ پیش آیا اور گاڑی کلابازیاں کھاتی ہوئی دریا جہلم کی بپھری ہوئی ظالم موجوں کی نذر ہوگئی، وہ دس بارہ دن لواحقین اور سردار صغیر چغتائی کے مداحوں کیلئے بے چینی اور انتہائی کرب والم کے دن تھے جب تک لاشیں نہیں ملی تھیں ہر دن اک نئی امید کے ساتھ صبح سے شام تک لاشوں کو تلاش کیا جاتا تھا،

آخر ڈرائیور کی لاش دھان گلی اور سردار صغیر چغتائی اور ان کے سیکرٹری کی لاش منگلا ڈیم سے برآمد ہوئی، سردار صغیر چغتائی کا نماز جنازہ پہلے خان اشرف سٹیڈیم راولاکوٹ میں اور دوسری مرتبہ آبائی مقام ہلاں ہنگوئیں میں ادا کی گئی دونوں مقامات پہ ان کے چاہنے والے بیشمار لوگوں نے نماز جنازہ میں شرکت کی، دیکھا جائے تو ہنگوئیں کے مغل چغتائی گھرانے کی پہچان سردار صغیر چغتائی بنے، سردار صغیر چغتائی اپنے بھائیوں میں سب سے چھوٹے تھے، لازمی بات ہے کہ سب کے لاڈلے بھی ہوئے ہوں گے، سردار صغیر خان راقم کے بیس سال سے زائد عرصہ کے دوست تھے، وہ انتہائی نرم حلیم وشفیق انسان تھے، وہ امانت دیانت صداقت و شرافت کا پیکر تھے، حد درجہ کے ملنسار تھے، ان کی ہر ہر ادا اخلاص و اخلاق کے اعلیٰ معیار پہ تھی، ہنگوئیں کے چغتائی مغل گھرانے کو آج جو عہدوں و عظمت کی فراوانی ہے یہ بالیقین سردار صغیر چغتائی کی قربانی کا ثمر ہے، سردار صغیر چغتائی انسانیت کے قدردان تھے وہ اللہ پاک کی بندگی کے ساتھ ساتھ خدمت خلق میں بھی پیش پیش رہتے تھے، کوئی سوالی بھی ان کے در سے خالی نہیں گیا،

سردار صغیر چغتائی کی موت ایک معمہ ہے جو آج تک حل نہیں ہوا شروع ایام میں یہ بات زد زبان عام تھی کہ سردار صغیر چغتائی کی گاڑی کو قدرتی طور پہ حادثہ پیش نہیں آیا بلکہ ان کی گاڑی کو سوچے سمجھے منصوبے کے تحت دریا کی موجوں کی نذر ٹکر مار کر کیا گیا، موجودہ وزیر اعظم اور سردار صغیر چغتائی کے بھتیجے سردار تنویر الیاس خان کے ساتھ یہ بیان منسوب کئے گئے کہ وہ اس المناک حادثے کی تحقیقات کروائیں گے، لیکن سردار صغیر چغتائی کی شہادت کو ایک سال کا عرصہ بیت گیا سردار تنویر الیاس وزیر اعظم بھی بن گئے لیکن ابھی تک کوئی تحقیقات شروع نہیں ہوئیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ اگر اس حادثے میں کوئی خفیہ طاقت ملوث تھی تو فی الفور تحقیقات کروائی جائیں اور ملوث قوتوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے ورنہ سردار صغیر چغتائی اور ان کے ساتھیوں کی روحیں عالم برزخ میں بےچین رہیں گی

آخر میں دعا ہے کہ اللہ پاک سردار صغیر چغتائی شہید اور ان کے دیگر ساتھی شہدا کو عالم برزخ میں کروٹ کروٹ سکون وراحت نصیب فرمائے اور ان کی قبور کو نور و رحمت سے منور فرمائے، ہمیں جب تک ہم زندہ ہیں حق کہنے سننے اور عمل کی توفیق عطا فرمائے آمین یا اللہ رب العالمین،،

سردار عتیق،،، نئی بساط،،، نئی سیاسی صورتحال



قارئین محترم! مانا کہ حضرت آدم روح اللہ سے لے کر آج تک انسان خطاؤں کا پتلا رہا ہے۔ انسان سے غلطیاں بنیادی طور پر خدا نے اس کے خمیر میں رکھ دی ہیں۔ میں مانتا ہوں کہ سردار عتیق احمد کی ذاتی غلطیوں سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ لیکن اگر آج سردار صاحب کی ذاتی زندگی کا موازنہ کروں تو یقیناً اس میں کئی ایک خامیاں ہوں گی۔ باوجود اس کے اگر سردار عتیق احمد خان کو آزاد کشمیر کی سیاست سے مائنس کر دیا جائے تو مثال یوں بنتی ہے کہ جیسے الجبرے سے صفر کو ہٹا دیا جائے۔ اور اگر الجبرے سے صفر کو ہٹا دیا جائے تو اس کی قدر و قیمت لایعنی ہو کر رہ جاتی ہے۔ بعینہٖ اگر ریاستی سیاست سے سردار صاحب کو باوجود انکی غلطیوں سے باہر رکھا جائے تو ہم بحیثیت قوم ایک عظیم راہنما سے محروم ہو جائیں گے۔ اور لمحوں کی خطائیں صدیوں کو بھگتنا پڑتی ہیں۔ یہ ازل سے رب کا نظام ہے۔ سردار عتیق بڑے باپ کے بڑے بیٹے ہیں۔ انہوں نے سیاست کے رموز و اوقاف مجاہد اول کی گود میں سیکھے ہیں۔ ان کے پائے کا سیاسی تدبر غالباً ریاست بھر میں کسی سیاستدان کے حصے میں نہیں آیا۔ اور سیاسی میدان میں جو اس بندہ درویش نے مقام حاصل کیا وہ خال خال لوگوں کے مقدر میں لکھا گیا۔ رب کا فیصلہ ہے جسے چاہے عزت دے جسے چاہے ذلت عطا کر دے۔ اگر اللہ نے سردار صاحب کو رفعتیں دے رکھی ہیں تو میرے خیال میں ہم انسانوں کو رشک کرنا تو جائز ہے مگر حسد کرنا گناہ کبیرہ ہے۔ ہمیں ان کی حیثیت کو اسی حساب سے مان لینا چاہیے جو اللہ نے ان کو عطا کر رکھی ہے۔ مسلم کانفرنس کی موجودگی میں سردار عتیق نہ بھی ہوتے تو ریاستی تشخص کو خطرہ درپیش نہ تھا۔ لیکن ان کی سیاسی سرگرمیاں نہ ہونے کے برابر ہیں۔ چونکہ موجودہ سیاسی صورتحال یکسر بدل چکی ہے۔ اس وقت ریاست جموں وکشمیر میں پاکستان تحریک انصاف کی حکومت ہے۔ اور سردار عتیق احمد خان پی ٹی آئی کے مین suporter ہیں۔ اس صورتحال میں جب کہ آزاد کشمیر کے اندر پاکستان مسلم لیگ کو آکسیجن دینے والے زندہ دل اور ہر دل عزیز سیاستدان راجہ فاروق حیدر کو بھی وفا کے جرم میں صدارت کے عہدے سے ہٹا دیا گیا ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ راجہ فاروق حیدر ایک دم سے مسلم کانفرنس میں شامل ہو جائیں گے، لیکن اس بات سے بھی مفر نہیں کہ شاید راجہ صاحب سیاسی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے آل جموں کشمیر مسلم کانفرنس کی صدارت سنبھال لیں۔ ٹھہر ٹھہر کر نظر جاتی ہے تو فرزند کشمیر سردار عتیق پر جا کر رکتی ہے کہ اگر کشمیریوں کا کوئی صحیح نمائندہ ہوسکتا ہے تو وہ یہی شخص ہے۔ کیوں کہ جو قائدانہ صلاحیتیں اس مرد جری میں ہیں وہ ریاست کے کسی دوسرے سیاستدان میں اللہ نے نہیں رکھی ہیں۔ ان کا خاصہ ہے کہ یہ لسانی، علاقائی اور قبیلائی تعصب سے بالا ہو کر کشمیری قوم کے مفاد کو ترجیح اول قرار دیتے ہیں۔ انہوں نے کبھی بھی اخلاقی بے راہ روی اور انسانیت کے تنزل کے لئے کوئی کام نہیں کیا۔ حالانکہ سردار صاحب بہت با اختیار رہے لیکن آج تک ان پر ایک آنے کی کرپشن مخالفین ثابت نہیں کر پائے۔ سردار صاحب اگر دو سیاسی غلطیاں نہ کرتے تو کوئی تصور بھی نہ کرسکتا تھا کہ آئندہ پچیس تیس سال تک ان سے اقتدار کہیں اور منتقل ہوسکتا تھا۔ ان سے پہلی غلطی یہ ہوئی کہ انہوں نے فاروق حیدر جیسے سیدھے سادھے اور کھرے انسان کے ساتھ سیاست کی اور ان کے خلاف عدم اعتماد کا حصہ بنے۔ اسی کے نتیجے میں ریاست کے اندر مسلم لیگ نواز کا قیام عمل میں لایا گیا۔ ان کی دوسری بڑی غلطی یہ ہے کہ وہ سیاسی کمزوروں کو اپنی طاقت کا سرچشمہ سمجھتے ہیں۔ ایسے لوگ جن کی اپنی کوئی پہچان نہیں وہ سردار صاحب کے خاص الخاص ہیں۔ اور مزے کی بات یہ کہ سردار صاحب آج بھی سمجھتے ہیں کہ ان کے پاس جو کارکن ہیں وہ ساری مسلم کانفرنس کو تھامے ہوئے ہیں۔ اصل میں ان لوگوں کے پاس گھر کے ووٹرز بھی نہیں۔ اگر آج بھی سردار عتیق احمد خان ان دو غلطیوں کو نہ دہرائیں تو میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ ان کی مثال آزاد کشمیر کی سیاست میں وہی ہے جو الجبرے میں زیرو کو شامل کر کے ہوتی ہے۔ اگر سردار صاحب نے ماضی کی غلطیوں سے سبق نہ سیکھا تو یقین جانئے کہ ان کا حال جموں کشمیر پیپلز پارٹی سے بھی کمزور ہو جائے گا۔ اللہ سے دعا ہے کہ وہ سردار صاحب کے دماغ میں میری باتیں کسی طرح داخل کر دے اور وہ ان تنکوں پر تکیہ چھوڑ دیں جو ان کو ذرا سی آگ جلنے پر جلا کر راکھ کے ڈھیر میں بدل دیں گے۔ خدا سردار صاحب اور ان کی جماعت کی حفاظت فرمائے۔ آمین۔ قارئین! لوگوں کی آراء مختلف ہو سکتی ہے لیکن میری ذاتی خیال کے مطابق سردار عتیق احمد خان غرور و تکبر کی سزا پا رہے ہیں اور پا چکے ہیں۔ باقی خدا بڑا رحیم و کریم ہے وہ انسان کی بڑی سے بڑی غلطیوں کو معاف کر دیتا ہے۔ اگر خدانخواستہ سردار عتیق احمد خان نے "سیاسی تکبر" کیا ہو تو وہ اب بھی اللہ رب العٰلمین سے معافی مانگ لیں۔ خدا کے ہاں ان کی شنوائی ضرور ہوگی۔ اگر اللہ آدم کو نہ صرف غلطی کرنے کے بعد معاف کر سکتا ہے بلکہ انہیں پیغمبری کے اعلیٰ عہدے پر بھی پہنچاتا ہے تو پھر وہ آدم کے بیٹے سردار عتیق کی غلطی کو بھی درگزر کردے گا۔

قارئین! آپ حیران ہوں گے کہ آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کی ریاست میں قومی اسمبلی کے اندر صرف ایک نشست ہے لیکن اللہ کے فضل و کرم سے ریاست کے اقتدار کے تمام دروازے غازی آباد سے ہو کر گزرتے ہیں۔ کیا آپ کے خیال میں یہ کوئی معمولی بات ہے یا خدا کا خاص کرم نہیں ہے۔ انشاء اللہ لگتا یہی ہے کہ مستقبل میں آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس چوہدری غلام عباس، راجہ حیدر خان، سردار عبدالقیوم خان، غازی ملت سردار ابراہیم خان، سردار سکندر حیات، راجہ ممتاز حسین راٹھور اور راجہ محمد آزاد خان والی مسلم کانفرنس بن کر ابھرے گی اور انشاء اللہ کشمیریوں کی ہر محاذ پر بھرپور حمایت اور وکالت کرے گی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

دو قومی نظریہ خطرہ میں۔۔۔۔

اکیسویں صدی کی کہانیاں
اکرم سہیل
masohailajk@yahoo.com

جنرل پرویز مشرف صدر پاکستان اور شوکت عزیز ان کے وزیر خزانہ تھے۔ آزاد کشمیر سے ہم چند آفیسران ایک تربیتی کورس کیلئے ٹریننگ کالج لاہور گئے ہوئے تھے۔ اس کورس کے شرکاء کو لیکچر دینے کیلئے ملک کے نامور لوگ وہاں آتے تھے جس میں سرکاری اور غیر سرکاری لوگ بھی شامل ہوتے تھے۔ جو ملکی مسائل پر لیکچر دیتے تھے اور ان کے لیکچر کے بعد شرکاء کورس کو سوالات کا آزادانہ موقع دیا جاتا تھا۔ ایک روز ملکی معیشت اور غیر ملکی تجارت کے موضوع پر لیکچر دینے کیلئے وزیر خزانہ شوکت عزیز اور ملک کے ایک نامور صنعت کار پر مشتمل پینل آیا ہوا تھا۔ انہوں نے متعلقہ موضوع پر بہت تفصیل سے لیکچر دیئے اور پھر وقفہ سوالات شروع ہوگیا۔ ان دنوں ادویات مافیا بہت سرگرم تھا اور ملک میں ادویات کی مصنوعی قلت پیدا کرکے انہیں مہنگے داموں فروخت کیا جارہا تھا اور ایسی خبریں روز اخبارات میں چھپ رہی تھیں کہ جان بچانے والی ادویات غریب لوگوں کی پہنچ سے دور ہوگئی ہیں اور روزانہ سینکڑوں لوگ علاج معالجہ کیلئے سکت نہ ہونے کی وجہ سے موت کے منہ میں جارہے ہیں۔ ان دنوں بھارت میں ادویات کی قیمتیں پاکستان میں جاری قیمتوں سے بہت کم تھیں اور یہ بھی مصدقہ اطلاعات تھیں کہ بھارت میں تیار کردہ ادویات کی پاکستان میں درآمد پر پابندی ہے لیکن یہی بھارتی ادویات دبئی کے راستے پاکستان آتی ہیں اور تجارتی مافیہ ان پر خوب منافع کماتا ہے۔ ملک کے اندر ادویات تیار کرنے والی کمپنیاں بھی بھارت سے واہگہ کے راستے سستی ادویات خریدنے کے خلاف تھیں کی ادویات کی قلت سے ملک کے اندر من مانے انرخ پر ادویات بیچ کر خوب منافع کمایا جارہا تھا۔ اور اگر کوئی بی ادویات واہگہ کے راستے منگوانے کی بات کرتا تو اسے فوری بھارتی ایجنٹ کا طوق پہنا دیا جاتا۔ اس پس منظر میں، میں نے کلاس میں قابل احترام سپیکرز سے یہ سوال کیا کہ بھارتی ادویات دوبئی کے راستے پاکستان آرہی ہیں جو کئی گنا زیادہ قیمتوں پر فروخت ہورہی ہیں اگر براہ راست واہگہ کے راستے درآمد ہونا شروع ہوجائیں تو پاکستان کے چالیس فیصد لوگ جو غربت کی لکیر سے نیچے زندگی کی قید کاٹ رہے ہیں انہیں بھی دوائی چکھنے کی سہولت مل جائے گی۔۔ اس پر دونوں مہمان شرکاء کے جواب کا خلاصہ یہ تھا کہ آپ کو نظریہ پاکستان اور دو قومی نظریہ پیارا ہے یا یہ عارضی جان جس نے ایک نہ ایک روز یہاں سے جانا ہی ہے، اسے دوائی ملے یا نہ ملے۔ سپیکرز کے اس جواب پر میں نے انہیں احمد فراز کا یہ شعر سنا کر اپنی بات ختم کردی۔

امیر شہر غریبوں کو لوٹ لیتا ہے۔
کبھی بحیلہ مذہب کبھی بنام وطن۔

آجکل بھی ملک میں شدید ترین سیلاب آیا ہوا ہے۔ انسانی زندگیوں کے بعد سب سے زیادہ نقصان زرعی پیداوار کو ہوا ہے۔ ٹماٹر اور پیاز تک افغانستان سے منگوایا جارہا ہے جو یہاں سے ہی افغانستان بھیجی گئی تھیں۔ پاکستان میں اشیاء خاص طور پر اشیاء خوردنی نہ صرف مہنگی ہورہی ہیں بلکہ نایاب بھی ہورہی ہیں۔ یہی اشیاء بھارت سے دبئی کے راستے پاکستان آرہی ہیں لیکن بھارت سے واہگہ کے راستے منگوانے کی بات کرنا غداری کے فتوے کو دعوت دینے سے کم نہیں۔ واہگہ سے آنے والے سستے پیاز اور ٹماٹر ہندو بن حرام ہوجاتے ہیں اور دو قومی نظریہ کو نقصان پہنچاتے ہیں لیکن وہی پیاز ٹماٹر اگر دبئی کے راستے پاکستان آئیں اور منافع خور لٹیرے انہیں چار گنا زیادہ قیمت پر پاکستانیوں کو بیچیں تو وہ نہ صرف حلال ہو جاتے ہیں بلکہ اس سے نظریہ پاکستان بھی محفوظ رہتا ہے۔

اگر پاکستان اور بھارت کے درمیان ایک ہی گراونڈ میں ہندووں اور مسلمانوں کے درمیان کرکٹ کا حلال میچ ہوسکتا ہے اور دو قومی نظریہ یا نظریہ پاکستان کو کوئی خطرہ لاحق نہیں ہوتا اور یہ نظریات بالکل محفوظ رہتے ہیں تو پاکستان کے سیلاب میں براہ راست ڈوبے چار کروڑ انسانوں اور مہنگائی میں پستے بیس کروڑ لوگوں کیلئے پڑوس سے دبئی کے بجائے براہ راست ٹماٹر اور پیاز منگوانے پر ان ٹماٹروں یا پیاز سے نظریہ پاکستان اور دو قومی نظریہ کو قطعاً کوئی خطرہ نہیں پہنچے گا البتہ ذخیرہ اندوزی کرکے اشیاء مہنگی کرکے بیچنے والے لٹیروں کے نظریات اور مفادات کو شدید نقصان ضرور پہنچے گا۔ جسے آجکل نظریہ پاکستان کے نعرے کے پیچھے چھپایا جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

گلابی لہر کیا ہے؟

بیرسٹر حمید باشانی

پاکستان کے معاشی و سیاسی حالات لاطینی امریکہ سے مختلف نہیں، لیکن یہاں ابھی تک کسی گلابی لہر کے کوئی آثار نہیں دکھائی دیتے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہاں کی ہر پارٹی، جس کی کوئی "عوامی فالوانگ" یا پارلیمنٹ میں سیٹ ہے، وہ کسی نہ کسی طریقے سے اقتدار میں شریک ہے، اور اقتدار کی برکات سے استفادہ کررہی ہے۔ مرکز میں درجن بھر سے زائد پارٹیاں شریک اقتدار ہے۔ ان کے خلاف حزب اختلاف کا کردار ادا کرنے والوں نے صوبوں میں اپنی حکومتیں بنا رکھی ہیں۔ اس طرح عوام کو گلابی لہر دکھانے والا کوئی باقی بچا نہیں۔ کچھ لال لہر کی بات کرنے والی چھوٹی چھوٹی پارٹیاں ضرور ہیں، جو اقتدار سے دور ہیں۔ مگر وہ نظریاتی فرقہ پرستی کے بخار میں مبتلا ہو کر آپس میں دست و گریبان ہیں، اور تقسیم در تقسیم کے عمل کا شکار ہیں۔

لاطینی امریکہ کی صورت یہ ہے کہ پچھلے پانچ سالوں کے دوران، بائیں بازوں کی طرف جھکاو رکھنے والے سیاست دان ارجنٹائن، چلی، کولمبیا، میکسیکو اور پیرو میں جمہوریت کی برکت سے انتخابات جیت کر حکومتیں بنانے میں کامیاب ہوئے ہیں۔۔ ان کا عروج دیکھ کر یہ کہا گیا کہ اس براعظم میں ایک "گلابی لہر" آئی ہے۔ یہ پوری دنیا میں جمہوریت کے راستے پر چلنے والی بائیں بازوں کی قوتوں کے لیے ایک حوصلہ افزا پیغام تھا۔ لیکن ان ملکوں کی معاشی اور سیاسی صورت حال سے لگتا ہے کہ یہ سارے سیاست دان سنٹرلیفٹ کی طرف جھکاو رکھنے کے باوجود عملی طور پر کسی بنیادی نظریاتی تبدیلی کی نمائندگی نہیں کرتے۔ یہ درست ہے کہ ان کی خارجہ پالیسی اور اقتصادی ترجیحات اپنے پیشرووں سے مختلف ہیں۔ اور یہ بات بھی حقیقی ہے کہ یہ لوگ ان نیولبرل اقتصادی پالیسیوں کے پیروکار نہیں ہیں، جنہوں نے 1990 کی دہائی میں اس خطے کو پوری طرح گرفت میں لے لیا تھا۔ ان پالیسیوں میں عوامی سبسڈی کو کم کرنا؛ سرمایہ کاری کے لیے واضح اور ہمدردانہ قوانین بنانا؛ اور معیشت میں ریاستی مداخلت کو کم کرنا وغیرہ شامل تھا۔ یہ لیڈر روایتی اشرافیہ کے ممبر نہیں ہیں۔ اپنے پیشرووں کی طرح یہ بیرون ملک سے تعلیم یافتہ بھی نہیں ہیں۔ کرسٹوفر سابا تینی کے ایک حالیہ مضمون کے مطابق تازہ ترین انتخابات سے پہلے بہت سے جدید لاطینی امریکی رہنما ان ملکوں کی روایتی اشرافیہ کا حصہ تھے اور متاثر کن غیر ملکی اسناد کے مالک تھے۔ ایوان ڈو کے جنہوں نے 2018 سے 2022 تک کولمبیا کے صدر کے طور پر خدمات انجام دیں، وہ جارج ٹاون جیسی مشہور یونیورسٹی سے فارغ التحصیل تھے۔ پنیارا سبسٹین، جنہوں نے حال ہی میں چلی میں دوسری صدارتی مدت مکمل کی، انہوں نے ہارورڈ سے پی ایچ ڈی کی ڈگری لے رکھی تھی۔ پیدرو جنہوں نے 2018 میں پیرو کی صدارت سے استعفیٰ دیا، انہوں نے آکسفورڈ یونیورسٹی اور پرنسٹن یونیورسٹی سے گریجویشن کی ہوئی تھا۔ برازیل کے سابق صدر فرینڈ و ہنریک کارڈوسو فرانس اور امریکہ کی معروف یونیورسٹیوں میں پڑھاتے رہے ہیں۔ اس کے برعکس، برازیل، چلی، کولمبیا، میکسیکو اور پیرو کے موجودہ صدور نے بیرون ملک نامور تعلیمی اداروں سے تعلیم حاصل نہیں کی۔ چلی کے صدر گیبریل بورک، میکسیکو کے صدر اینڈریس مینوئل لوپیز اوبراڈور، اور پیرو کے صدر پیڈرو کاسٹیلو سبھی نے مقامی گرامر اسکولوں، ہائی اسکولوں اور کالجوں سے تعلیم حاصل کی۔ برازیل کے صدر جیر بولسونارو اپنے ملک کی ملٹری یونیورسٹی میں پڑھتے رہے ہے۔ البتہ کولمبیا کے صدر گستاو پیٹرو بیلجیم اور اسپین کی یونیورسٹیوں میں تعلیم حاصل کرتے رہے، لیکن انہوں نے اپنی ڈگریاں مکمل کیے بغیر تعلیم کا سلسلہ منقطع کردیا۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ یہ مقامی طور پر تعلیم یافتہ سیاسی رہنما اپنے پیشرووں سے کم صلاحیتوں کے مالک ہیں۔ اس کے بالکل برعکس اپنے ثقافتی اور تعلیمی پس منظر کی وجہ سے وہ اپنے عوام کے زیادہ نمائندہ ہیں۔ اس کا یہ مطلب بھی ہے کہ وہ ایسے لوگوں پر انحصار کرتے ہیں، جو نیولبرل ازم کی پالیسی سازی کے رجحانات سے کم متاثر ہوتے ہیں۔ لاطینی رہنماوں کی یہ نئی فصل نیولبرل آرتھوڈوکسی سے مکمل طور پر الگ ہوگئی ہے۔ وہ ٹیکسوں اور بین الاقوامی سرمایہ کاری کے قوانین کو دوبارہ لکھ رہے ہیں، خاص طور پر قدرتی وسائل سے جڑے قوانین میں واضح تبدیلیاں لارہے ہیں۔ ان اصلاحات کے پیچھے اصل محرک نظریہ نہیں ہے، بلکہ مارکیٹ اصلاحات کی وراثت کو مسترد کرنا ہے، جو لاطینی امریکہ میں سماجی ناہمواریوں کو دور کرنے اور رجعت پسند ٹیکس پالیسیوں کو واپس لینے میں ناکام رہی ہیں۔ اسی طرح قومی توانائی کے شعبے میں بیرونی سرمایہ کاری کے سوال پر قوم پرستی کے جذبات غالب ہیں۔ اس قوم پرستی نے امریکہ اور کینیڈا کے ساتھ تجارتی تنازع کو ہوا دی ہے۔ ان جذبات کے زیراثر پیٹرو، بورک، اور کاسٹیلو نے قدرتی وسائل کے استعمال کے سلسلے میں ریاستی پالیسیوں کو تبدیل کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ کاسٹیلو نے ایک وقت میں کان کنی کی مراعات کو ختم کرنے کی دھمکی دی تھی، اور پیٹرو نے ماحولیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے تیل اور کوئلے کی سرمایہ کاری اور تلاش کو روکنے کا وعدہ کیا تھا۔ بورک نے بین الاقوامی کان کنی کے مفادات کے لیے اور مائننگ ٹیکس اور رائلٹی پالیسیوں کے بارے میں ایسے اقدامات تجویز کیے ہیں، جو بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے ایک تباہ کن تبدیلی کا باعث بن سکتے ہیں۔

مغربی اثر و رسوخ کو برقرار رکھنے اور خطے کو چین اور روس سے دور رکھنے کے لیے، مغربی سفارت کاروں کو یہ فکر ہے کہ رہنماوں کی اس نئی فصل کو کس طرح اپنے ساتھ شامل کیا جائے۔ پورے خطے میں روایتی سیاسی اشرافیہ کو عوامی سطح پر مسترد کیا جارہا ہے۔ حالات بتاتے ہیں کہ یہ رجحان مزید گہرا گا۔ اس وقت لاطینی امریکہ میں بائیں بازوں کی طرف جھکاو کے رجحانات بہت واضح ہیں۔ لاطینی امریکہ کی چھ بڑی معیشتوں میں سے پانچ میں لفٹ ونگ یا سنٹر لیفٹ حکومتیں ہیں، اور برازیل کے آنے والے انتخابات میں بھی ایسے ہی نتائج آسکتے ہیں۔ ان ممالک میں بھوک، تنگ، غربت، طبقاتی لوٹ کھسوٹ اور کرپشن کے مارے ہوئے عوام نے یکے بعد دیگرے روایتی سیاسی پارٹیوں اور حکمران اشرافیہ کے جانے پہچانے چہروں کو یکسر مسترد کرتے ہوئے بائیں بازوں کی پارٹیوں کے حق میں ووٹ دیے ہیں۔ یہ سب کچھ ایک ایسے وقت میں ہوا ہے، جب طویل وبائی بحران اور روس یوکرین لڑائی کی وجہ سے خطے میں پائی جانے والی غربت اور بے روزگاری میں اضافہ ہوا، اور مہنگائی نے عام آدمی کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ لاطین امریکہ میں منتخب ہو کر آنے والی حکومتیں شاید آئیڈیل نہیں ہیں، اور نہ ہی وہ مارکسزم لینن ازم کے تحت سوشلسٹ شرائط پر اترنے کا رادہ رکھتی ہیں۔ لیکن ان لوگوں میں دو باتیں ہیں، ایک تو یہ ہے کہ وہ جمہوری طریقے سے شفاف انتخابات کے ذریعے عوامی حمایت سے منتخب ہوکر آئے ہیں، اور دوسرا یہ کہ ان کا واضح ایجنڈا پیشرو کرپٹ اور قدامت پرست پالیسیوں کا خاتمہ ہے۔ لیکن اس وقت ان حکومتوں کا اب سب سے بڑا چیلنج عام کی توقعات پر اترنا ہے، جس میں ناکامی کی صورت میں ان کا بھی وہی حشر ہوسکتا ہے، جو ماضی میں اس خطے میں سوشلزم کے نعرے پر برسر اقتدار آنے والی حکومتوں کا ہوتا رہا ہے۔ پاکستان میں حالات لاطینی امریکہ کے حالات سے مختلف نہیں ہیں، مگر یہاں قوم پرستی اور مذہب کے نام پر عوام کی توجہ کو اصل مسائل سے ہٹا کر کئی اور لگا دیا گیا ہے، ورنہ اس وقت تک اگر لال نہیں تو کم از کم گلابی لہر کے آثار یہاں بھی نمودار ہو چکے ہوتے۔

☆☆☆☆☆☆

آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر

دفتر سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس ضلع پونچھ راولاکوٹ

عنوان: ٹینڈر نوٹس مرمتی عمارات

ضلع پولیس راولاکوٹ کے زیر استعمال سرکاری بذیل عمارات کی وقتاً فوقتاً معمولی مرمتی، وائیٹ واش، وال پینٹنگ / اسپلنگ کے لیئے رجسٹرڈ معروف فرموں کے ٹھیکیداران سے سربمہر ٹینڈرز مطلوب ہیں جو زیر دستخطی کو مورخہ 15-09-2022 بوقت 11 بجے دن تک موصول ہو جانا چاہیے جو اسی دن بوقت 02 بجے فرموں کے نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ سرکاری عمارات کی مرمتی کی تفصیل کے بارہ میں مزید تفصیلات دفتری اوقات کار کے دوران دفتر صدر پولیس راولاکوٹ سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ عمارات کی معیاری مرمتی مال نہ ہونے کی صورت میں متعلقہ ٹھیکیدار کو ادائیگی روک دی جائے گی۔

نمبر شمار	نام عمارت	نمبر شمار	نام عمارت
01	تھانہ سٹی راولاکوٹ	09	چوکی پولیس سٹی بلدیہ راولاکوٹ
02	تھانہ سی آئی اے راولاکوٹ	10	چوکی پولیس چھوٹا گلہ
03	تھانہ پولیس ہجیرہ	11	چوکی پولیس جنڈالہ
04	تھانہ پولیس عباسپور	12	چوکی پولیس ڈھکوٹ
05	تھانہ پولیس داتوٹ	13	چوکی پولیس سہڑہ
06	تھانہ پولیس تھوراڑ	14	چوچکی پولیس ڈونگہ گھمیر
07	مجوزہ تھانہ پولیس کھائیگلہ	15	چوکی پولیس پانیولہ
08	مددگار 15 راولاکوٹ	16	سیف سٹی پراجیکٹ

(کامران علی)
سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس ضلع پونچھ راولاکوٹ

آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر

دفتر سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس ضلع پونچھ راولاکوٹ

عنوان: ٹینڈر نوٹس مرمتی گاڑیاں

ضلع پولیس راولاکوٹ کو الاٹ شدہ بذیل سرکاری گاڑیوں کی وقتاً فوقتاً تبدیلی پرزہ جات، خرید ٹائرز، انجن اور باڈنگ و دیگر مرمتی کے سلسلہ میں رجسٹرڈ معروف فرموں اور ورکشاپس سے سربمہر ٹینڈرز مطلوب ہیں جو زیر دستخطی کو مورخہ 15-09-2022 بوقت 11 بجے دن تک موصول ہوجانا چاہیے جو اسی دن بوقت 02 بجے فرموں اور ورکشاپس کے نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ گاڑیوں کی تفصیل کی نسبت مزید تفصیلات دفتری اوقات کار کے دوران دفتر صدر پولیس راولاکوٹ سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ سپیئر پارٹس صرف جینوئن کے انراج قابل قبول ہوں گے۔ سپیئر پارٹس میں اگر کسی قسم کا کوئی نقص پایا گیا تو متعلقہ فرم کو ادائیگی روک دی جائے گی۔

نمبر شمار	گاڑی نمبر	قسم گاڑی	نمبر شمار	گاڑی نمبر	قسم گاڑی
01	MDGA/105	جیپ لینڈ کروزر	17	MDGO/299	پک اپ 4x4
02	GO/298	پک اپ ڈبل کیبن	18	MDGO/103	پک اپ 4x2
03	GO/049	فوٹان پک اپ 4x2	19	MDGO/806	پک اپ 4x2
04	GO/017	فوٹان پک اپ 4x2	20	MDGO/871	پک اپ 4x2
05	AJKB/2980	ڈبل ڈور پک اپ	21	MDGO/835	پک اپ 4x2
06	GO/915	پک اپ 4x2	22	MDGO/217	ایمبولینس E2200
07	AJK/2000	کار	23	MDGO/831	پک اپ 4x2
08	RTGO/056	پک اپ 4x2	24	MDGO/743	بس
09	RTGO/057	پک اپ 4x2	25	MDGO/772	بس قیدیاں
10	KUN/122R	پک اپ 4x2	26	AJKC/4936	بس
11	MDGO/119	پک اپ 4x2	27	MDGX/089	ٹینکر
12	MDGO/751	پک اپ 4x2	28	J/3562851	فورک لفٹر
13	MDGO/940	پک اپ 4x2	29	GB/524	پک اپ ڈبل کیبن
14	AJKB/7249	پک اپ 4x4	30	MDGO/147	پک اپ 4x2
15	MDGO/152	پک اپ 4x4	31	MDGO/142	کنوئی پک اپ 4x2
16	MDGA/120	جیپ 4x4	-	-	-

(کامران علی)
سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس ضلع پونچھ راولاکوٹ

بقیہ 1

سردار عمر نذیر، پونچھ ڈویژن کے جنرل سیکرٹری سردار شاہد خورشید، نائب صدر راجہ امتیاز رحمت اور دیگر نے مشترکہ بیان میں کہا انہوں نے کہا کہ پاکستان کی نااہل حکمرانوں نے چینی کمپنی کے ساتھ غلط معاہدے کیے جس کی وجہ سے سڑک بار بار سلائیڈنگ کی نذر ہوتی ہے۔ ڈیم کی تعمیر ہونا تھی تو سڑک کو دریا کے ساتھ کیوں تعمیر کیا گیا۔ براستہ سوہن سڑک کی صورت برداشت نہیں کریں گے۔ روزانہ پونچھ ڈویژن کی لاکھوں عوام کو اذیت دی جاتی ہے۔ جو کہ ظلم اور زیادتی ہے۔ راولاکوٹ انجمن تاجران آزاد پتن تا سوہن سڑک کے لئے بھرپور احتجاج کرے گی۔

بقیہ 2

کی شدید مذمت کی ہے کہ چھوٹا گلہ یونیورسٹی کیمپس و گرد و نواح میں سیاست کو محض اپنی میراث سمجھتے ہیں، آمدہ بلدیاتی انتخابات میں بھی ایسے عناصر ماضی کی طرح ایک دفعہ پھر ذاتی مفادات کی خاطر عوام کو بے وقوف بنانے میں سرگرم عمل ہیں، یہ وہی چہرے ہیں، جو ماضی میں چھوٹا گلہ یونیورسٹی کے گرد و نواح کی عوام سے کیے گئے وعدوں پر ایک بھی پورا نہ ہو سکا، اور اگر چھوٹا گلہ حلقہ وجن کی وارڈ سے حقیقی طور پر کسی مخلص دیانتدار آدمی کو نامزد کیا جاتا ہے تو اس کی بھرپور حمایت کریں گے اگر ایسا نہ ہوا تو آمدہ بلدیاتی انتخابات میں از خود امیدوار کی صورت میں میدان میں ہوں گے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے جاندار کردار ادا کریں گے، عوام ایسے عناصر کے جھانسے میں نہ آئیں اور آمدہ بلدیاتی انتخابات میں اہل لوگوں کا ساتھ دیں۔

بقیہ 3

ویٹرنری آفیسر کے احکامات کی حکم عدولی پر دو سٹاک اسسٹنٹس خواجہ عاصم بشیر کائی منجہ و نعمان الحق جھنڈگراں کو فوری طور پر ملازمت سے معطل کرتے ہوئے انکوائری کا حکم دے دیا۔ جو بھی اہلکار لمپی سکن ڈزیز ویکسین مہم میں کوتاہی برتے گا اس کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اس سے قبل بروز ہفتہ ایک ویٹرنری آفیسر سخت سرزنش کے علاوہ تحریری وضاحت بھی طلب کی گئی ہے اور ایک سٹاک اسسٹنٹ ٹنگکوٹ کو بھی معطل کیا گیا ہے۔ فیلڈ سرگرمیوں میں کوتاہی کسی بھی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 4

نے بھی اظہار خیال کیا مقررین نے کہا کہ اخبارات کو زندہ رکھنے میں اخبار فروش کا ہمیشہ اہم کردار رہا ہے آزاد خطہ میں اخباری صنعت کیلئے انور سید حسن مرحوم کی بے حد خدمات ہیں انہوں نے سفید پوشی کی زندگی گزاری اور مشکل حالات کا مقابلہ کیا وہ ایک ملنسار شخصیت کے مالک اور بااخلاق انسان تھے مرحوم نے پورے آزاد کشمیر میں تعلق کو قائم رکھا وہ بڑے انسان تھے۔

بقیہ 5

آزاد کشمیر کے مختلف اضلاع کا ایک ہفتے کا دورہ کریں گیاس موقع پر سیلاب متاثرین کی امداد کے لئے تاجروں اور مخیر حضرات سے ملاقاتیں کریں گے اور بارہ ستمبر کو راولاکوٹ کے مقام پر العطا ٹرسٹ آزاد کشمیر کے عہدیداران سے حلف لیں گے انہوں نے معروف سماجی خاتون انجمن شاہین کو العطا ٹرسٹ آزاد کشمیر پاکستان کا کوآرڈینیٹر مقرر کیا ہے۔

روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ
شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

US ٹریڈرز
ہمارے ہاں ڈور لاک، ڈور ہینڈل، وال سیلنگ، چائنہ سیلنگ اور ہارڈ ویئر کی جملہ ورائٹی دستیاب ہے۔
US ٹریڈرز
نزد جامع مسجد مین ہجیرہ روڈ راولاکوٹ
سردار محبوب افضل
0337-9816493

آزاد پتن سڑک کو فی الفور ہر طرح کی ٹریفک کے لئے بحال کیا جائے، سردار عبدالنعیم

روزانہ سفر کرنے والے لاکھوں افراد کو بار بار عذاب میں مبتلا نہ کیا جائے یہی یہ سڑک پونچھ ڈویژن کی لائف لائن ہے

سردار عبدالنعیم خان، سردار وسیم خورشید، سردار عمر نذیر، سردار شاہد خورشید، راجہ امتیاز رحمت ودیگر کا مشترکہ بیان

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) آزاد پتن سڑک کو فی الفور ہر طرح کی ٹریفک کے لیے کھولا جائے۔ آزاد پتن تا سون براستہ علاقہ سدھنوتی شارٹ اور سیف روٹ پر ڈبل وے سڑک تعمیر کی جائے۔ لاکھوں عوام کو بار بار عذاب میں مبتلا نہ کیا جائے۔ یہی یہ سڑک پونچھ ڈویژن کی لائف لائن ہے۔ ان خیالات کا اظہار راولاکوٹ انجمن تاجران کے صدر سردار عبدالنعیم خان۔ مرکزی سیکرٹری جنرل انجمن تاجران آزاد کشمیر سردار وسیم خورشید۔ سینئر نائب صدر (بقیہ 01 صفحہ 03)

انور سدھن کی ناقابل فراموش خدمات ہیں، آفاق حسین

پرنٹ میڈیا کیلئے دن رات محنت کی اخبار فروش کو مقام دلانے میں کردار ادا کیا، مقررین

مظفرآباد (دھرتی نیوز) سینٹرل پریس کلب کے صدر سید آفاق حسین نے کہا ہے کہ اخباری صنعت کیلئے انور سدھن کی ناقابل فراموش خدمات ہیں مرحوم نے پرنٹ میڈیا کیلئے رات دن محنت کی اخبار فروش کو مقام دلانے میں مرحوم کا کلیدی کردار ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اخبار فروش یونین آزاد کشمیر کے بانی صدر انور سدھن کی یاد میں منعقدہ تعزیتی ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس سے سینئر نائب صدر شہزاد لولابی اور سینئر صحافی دلپذیر عباسی (بقیہ 04 صفحہ 03)

ناظم اعلیٰ لائیو اسٹاک کا اچانک مختلف دفاتر فیلڈ کا معائنہ

مظفرآباد (دھرتی نیوز) ناظم اعلیٰ لائیو اسٹاک کا اچانک مختلف دفاتر فیلڈ کا معائنہ۔ ناظم اعلیٰ لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ نے فیلڈ انسپکشن کے دوران فرائض میں غفلت برتنے پر لمپی سکن ڈزیز ویکسین میں غفلت کوتاہی متعلقہ (بقیہ 03 صفحہ 03)

اہلیان چھوٹا گلہ یونیورسٹی کے وعدے پورے کیے جائیں، نعیم خان

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) چھوٹا گلہ سے تعلق رکھنے والے سیاسی وسماجی رہنما سردار نعیم خان ودیگر نے اپنے ایک بیان میں اس بات (بقیہ 02 صفحہ 03)

العطاء ٹرسٹ کے مرکزی کوآرڈینیٹر نور المصطفیٰ آزاد کشمیر کا دورہ کریں گے

پلندری (نامہ نگار) العطاء ٹرسٹ پاکستان کے مرکزی کوآرڈینیٹر و عظیم روحانی شخصیت خلیفہ نور المصطفیٰ نورانی سات ستمبر سے (بقیہ 05 صفحہ 03)

باغ: ٹیلرز ایسوسی ایشن کے صدر رفیق میر جنرل سیکرٹری جمیل صدیقی جہانزیب صدیقی ودیگر مشاورتی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

مصطفائی سوسائٹی آزاد کشمیر کا سیلاب ریلیف مشن رضا کاران سرگرمیوں میں مصروف

دریاؤں ندی نالوں کے قریب زیادہ سے زیادہ درخت لگائے جائیں ہمیں اپنی زمینوں کو زیر استعمال لا کر زراعت کو فروغ دینا ہوگا

کچرا پاکستان کا سب سے بڑا ایشو بن چکا ہے جس کو ری سائیکل پراسس کے ذریعے یا جلا کر ختم کیا جا سکتا ہے، مصطفائی سوسائٹی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) مصطفائی سوسائٹی آزاد کشمیر کا سیلاب ریلیف مشن جاری، ایک سو سے اندر رضا کار آزاد کشمیر میں ریلیف سرگرمیوں میں مصروف۔ سیلاب سے بچنے کیلئے ڈیم تعمیر کیے جائیں۔ موسمیاتی تبدیلیاں دن بدن بڑھتی جا رہی ہیں۔ کچرا پاکستان کا سب سے بڑا ایشو بن چکا ہے جس کو ری سائیکل پراسس کے ذریعے یا جلا کر ختم کیا جا سکتا ہے۔ ندی نالوں دریاؤں کے قریب بلڈنگ کی تعمیرات پر پابندی (بقیہ 06 صفحہ 03) لگائی جائے۔ جنگی بنیادوں پر موسمیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے پوری قوم کو کام کرنا ہوگا۔ دریاؤں ندی نالوں کے قریب زیادہ سے زیادہ درخت لگائے

عمران خان کا آرمی کے بارے میں بیان پارٹی کی پالیسی ہے، شیخ رشید

میں تمام اداروں کے ساتھ صلح کا حامی ہوں، نہ میں اداروں کے خلاف تھا اور نہ ہوں گا

لاہور (صباح نیوز) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ اور سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ عمران خان آرمی کے بارے میں بیان دیتے ہیں، یہ ان کی پارٹی کی پالیسی ہے۔ سابق (بقیہ 08 صفحہ 03)

بیرون ملک حادثہ کا شکار ہونے والا نوجوان ہٹالہ پدر میں سپرد خاک

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) بیرون ملک ٹریفک حادثہ میں جاں بحق ہونے والے نوجوان کو آبائی قبرستان ہٹالہ پدر میں سپرد خاک کر دیا (بقیہ 07 صفحہ 03)

مضبوط امیدوار سامنے لا کر بلدیاتی انتخابات میں کامیابی حاصل کریں گے، رؤف قادری

بلدیاتی انتخابات میں پی پی پی چارسٹی راولاکوٹ سے سردار محمد یعقوب خان کی قیادت میں بھرپور کامیابی حاصل کرے گی

پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ بے سہارا پسے ہوئے طبقات کے حقوق کے تحفظات عملی بنیادوں پر کوشاں رہی، سٹی صدر

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) بلدیاتی انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر حلقہ چارسٹی راولاکوٹ سے سردار محمد یعقوب خان کی قیادت میں بھرپور کامیابی حاصل کرے گی۔ تمام وارڈز میں مضبوط امیدواران کو میدان میں اتاریں گے پاکستان پیپلز پارٹی ملک کی وہ سیاسی جماعت ہے جس نے ہمیشہ ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا اور ایک عام آدمی مزدور کسان غریب آدمی کی آواز بلند کی۔ ہمیشہ بے سہارا پسے ہوئے طبقات کے حقوق کے (بقیہ 09 صفحہ 03)

ٹیلرز ایسوسی ایشن کے حقوق پر ڈاکہ نہیں ڈالنے دیں گے

آفیسر مارکیٹ کا ٹرانسفارمر فوری تبدیل کیا جائے، ٹیلرز ایسوسی ایشن باغ

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ٹیلرز ایسوسی ایشن ضلع باغ کے صدر رفیق میر نے کہا ہے کہ ہم کسی ٹیلرز ایسوسی ایشن کے حقوق پر ڈاکہ نہیں ڈالنے دیں گے، بعض لوگ اپنے آپ کو ٹیلرز ایسوسی (بقیہ 10 صفحہ 03)

نامور صحافی راحیلہ خان نے نمایاں نمبروں سے ایل ایل بی کی ڈگری حاصل کر لی

مظفرآباد (صباح نیوز) آزاد جموں وکشمیر کی نامور صحافی، معروف سماجی رہنما، ٹی وی اور ریڈیو ہوسٹ محترمہ راحیلہ خان نے نمایاں نمبروں سے ایل ایل بی کی ڈگری حاصل کر لی، مختلف مکاتب فکر کی مبارکباد اور نیک خواہشات کا اظہار۔ تفصیلات کے مطابق نامور صحافی، معروف سماجی رہنما اور ٹی وی و ریڈیو ہوسٹ محترمہ راحیلہ خان نے (بقیہ 11 صفحہ 03)

انجمن تاجران جنڈالی کے انتخابات مکمل، عتیق خان صدر منتخب

انتخابات میں الیکشن کمشنر کے فرائض مولانا آفتاب کاشر نے انجام دیئے

پلندری (نامہ نگار) انجمن تاجران جنڈالی کے انتخابات مکمل ہو گئے عتیق احمد خان صدر منتخب ہو گئے انتخابات میں الیکشن کمشنر کے فرائض مولانا آفتاب کاشر نے انجام دیئے ان (بقیہ 12 صفحہ 03)

جماعت اسلامی سنگولہ کے عہدیداران کا انتخاب باسط شبیر امیر محمد شفیق جنرل سیکرٹری منتخب

جماعت اسلامی سنگولہ کا ڈنہ آگرہ کے پرفضا مقام پر نئے سیشن کے لئے تقسیم کار کے لئے اجتماع ارکان ہوا

اجتماع میں وارڈ کی سطح پر محمد اکرم اعوان کو آگرہ وارڈ کا امیر، محمد گلزار کو ہمہ ناڑی امتیاز تشنہ ودیگر کو ذمہ داریاں دی گئیں

سنگولہ (دھرتی نیوز) جماعت اسلامی سنگولہ کے ارکان نے کثرت رائے سے باسط شبیر کو آئندہ دو سالوں کے لئے امیر یونین کونسل منتخب کر لیا گیا، جماعت اسلامی سنگولہ کا ڈنہ آگرہ کے پرفضا مقام پر نئے سیشن کے لئے تقسیم کار کے لئے اجتماع ارکان ہوا۔ جس میں سنگولہ کے ارکان نے شرکت کی اور خفیہ ووٹنگ کے ذریعے کثرت رائے سے باسط شبیر کو نئے سیشن کے لئے امیر جماعت اسلامی یونین کونسل سنگولہ منتخب کر دیا ہے۔ امیر جماعت (بقیہ 13 صفحہ 03)

سردار عثمان حلیم کے والد محترم سردار محمد حلیم خان انتقال کر گئے

چہڑھ میں سپرد خاک، نماز جنازہ میں سرکردہ شخصیات کی شرکت

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) انجمن فلاح و بہبود چہڑھ کی مجلس شوریٰ کے متحرک ممبر سردار عثمان حلیم، سردار فہران حلیم کے والد محترم سردار محمد حلیم خان انتقال کر گئے۔ انہیں آبائی قبرستان چہڑھ میں سپرد خاک کر دیا گیا، نماز جنازہ میں سرکردہ سیاسی وسماجی شخصیات، سابق وزراء، سیکرٹریز، ضلعی افسران، پروفیسرز، ڈاکٹرز، علماء، وکلاء، اساتذہ، صحافیوں، تاجران، سماجی تنظیموں کے عہدیداران اور دیگر مکاتب (بقیہ 20 صفحہ 03)

سول سوسائٹی وایکشن کمیٹی ہتہ پانی کے زیر اہتمام احتجاجی دھرنا

ہتہ پانی سو بیڈز ہسپتال بناؤ تحریک کے سلسلہ میں احتجاجی دھرنا دیا گیا ہے، شرکاء

ہتہ پانی (دھرتی نیوز) ہتہ پانی سو بیڈز ہسپتال بناؤ تحریک، سول سوسائٹی وایکشن کمیٹی ہتہ پانی کے زیر اہتمام احتجاجی دھرنا گزشتہ دو ہفتوں سے بدستور جاری ہے، پانچ ستمبر کو سول سوسائٹی وایکشن کمیٹی ہتہ پانی کے ذمہ داران نے پہیہ جام وشٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال دے رکھی تھی لیکن ضلعی انتظامیہ کی جانب سے آج 06 ستمبر کو وزیر صحت ڈاکٹر نثار انصر ابدالی کی ہتہ پانی آمد اور سوسائٹی وایکشن کمیٹی (بقیہ 19 صفحہ 03)

برارکوٹ میں فقید المثال شان اہلبیت کانفرنس کا انعقاد

جامع مسجد گل زار مدینہ میں فقید المثال شان اہلبیت کانفرنس منعقد ہوئی

مظفرآباد (دھرتی نیوز) مرکزی جامع مسجد گل زار مدینہ برارکوٹ میں فقید المثال شان اہلبیت کانفرنس کا انعقاد، علماء کرام کے روح پرور خطابات، عوام الناس کی کثیر تعداد میں پرجوش شرکت۔ تفصیلات کے مطابق نوجوانان اہلسنت برارکوٹ کے زیر اہتمام مرکزی جامع مسجد گل زار مدینہ (بقیہ 18 صفحہ 03)

راولاکوٹ: جے کے پی پی کے صدر ممبر اسمبلی حسن ابراہیم سے خادم حسین طاہر خان افتخار ملاقات کر رہے ہیں

سندھ میں سیلاب متاثرین کی امداد و بحالی کی سرگرمیاں جاری

متاثرین میں خشک راشن، اشیاء ضروریہ اور بحالی نو کا سازوسامان تقسیم کر دیا گیا، کشمیر ٹرسٹ

مظفرآباد/سندھ (صباح نیوز) کشمیر آرفن ریلیف ٹرسٹ کورٹ کے زیر انتظام سندھ میں سیلاب سے متاثرہ بیشتر شہروں دادو، رتو ڈیرو، نوشہرو فیروز اور خیرپور میں امدادی اور بحالی نو کی سرگرمیاں زور و شور سے جاری، ہزاروں کی تعداد میں متاثرین میں خشک راشن، اشیاء ضروریہ اور بحالی نو کا ساز و سامان تقسیم کر دیا گیا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین کورٹ چوہدری محمد اختر نے کہا کہ ملک بھر میں جاری بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں کورٹ کی امدادی سرگرمیاں جاری ہیں آزاد کشمیر، بلوچستان جنوبی پنجاب سے لے کر اندرون سندھ تک کورٹ کی مختلف ٹیمیں پورے جوش و جذبے سے متاثرین کی امداد و بحالی کے کاموں میں متحرک ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس وقت بھی ہماری (بقیہ 17 صفحہ 03)

جامعہ کشمیر سے فارغ کیے گئے 113 ملازمین سراپا احتجاج

عدلیہ فیصلہ کے باوجود انتظامیہ نے بحال کرنے کے بجائے ملازمین کو بیروزگار کر دیا

مظفرآباد (صباح نیوز) جامعہ کشمیر سے فارغ کیے گئے 113 ملازمین سراپا احتجاج، عدالت العالیہ کے فیصلے کے باوجود جامعہ کشمیر کی انتظامیہ نے بحال کرنے کے بجائے ملازمین کو بیروزگار کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق چند ماہ قبل آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹی کی انتظامیہ کی جانب سے ادارے کے ملازمین کو فارغ کیا گیا جس کے بعد ملازمین نے عدالت العالیہ سے رجوع کیا جس پر عدالت نے ملازمین کے حق میں فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ جب تک کیس زیر بحث ہے ملازمت سے فارغ کیے گئے ملازمین (بقیہ 16 صفحہ 03)

راولاکوٹ: کیاٹ ویلفیئر آرگنائزیشن کی طرف سے الخدمت فاؤنڈیشن پونچھ کے صدر سردار خالد نثار کو متاثرین سیلاب کیلئے ساڑھے تین لاکھ روپے کا چیک دیا جا رہا ہے

عوام علاقہ کھاگراں کا وزیراعظم آزاد کشمیر سے تمام مسائل فوری حل کرنے کا مطالبہ

مظفرآباد (صباح نیوز) عوام علاقہ کھاگراں جو عرصہ ہا سے اذیت کا شکار ہے، متعلقہ محکمہ جات، وزیراعظم، چیف سیکرٹری (بقیہ 15 صفحہ 03)

تقدیس گیلانی کی قیادت میں باغ جلسہ میں شرکت کے لیے خواتین کا بڑا قافلہ روانہ

مظفرآباد (صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف آزاد کشمیر ویمن ونگ کی (بقیہ 14 صفحہ 03)

راولاکوٹ ریئل اسٹیٹ ایسوسی ایشن کے عہدیداران کا انتخاب عرفان رفیق صدر منتخب

ریئل اسٹیٹ ایسوسی ایشن راولاکوٹ کی تنظیم سازی ووٹنگ کے ذریعے کی گئی، ووٹوں کے ذریعے سردار عرفان رفیق کو صدر منتخب کیا گیا

سردار یونس جنرل سیکرٹری، محمد حمید خان کو سیکرٹری مالیات سینئر نائب صدر مجاہد خان اور سیکرٹری انفارمیشن علی جاوید منتخب

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) راولاکوٹ رئیل اسٹیٹ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں راولاکوٹ سٹی سے متعلقہ تمام ڈیلر حضرات نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس میں رئیل اسٹیٹ ایسوسی ایشن راولاکوٹ کی تنظیم سازی ووٹنگ کے ذریعے کی گئی۔ جس میں بھرپور ووٹوں کے ذریعے سردار عرفان رفیق کو صدر منتخب کیا گیا۔ جبکہ باقی عہدیداران سردار یونس کو جنرل سیکرٹری سردار محمد حمید خان کو سیکرٹری مالیات (بقیہ 21 صفحہ 03)

توصیف عباسی کی قیادت میں وزیراعظم آزاد کشمیر کا بھرپور استقبال

دھیرکوٹ پہنچنے پر وزیراعظم پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں اور ہار پہنائے گئے

دھیرکوٹ (دھرتی نیوز) ترجمان وزیراعظم آزاد کشمیر توصیف عباسی کی قیادت میں وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس کا دھیرکوٹ کی دھرتی میں شاندار استقبال۔ وزیراعظم کی آمد پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں اور ہار پہنائے گئے۔ وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس نے توصیف (بقیہ 22 صفحہ 03)

محکمہ جنگلات حویلی کے زیر اہتمام مون سون شجر کاری پروگرام کا انعقاد

حویلی کہوٹہ (پی آئی ڈی) پاکستان آرمی 92 فیلڈ اور محکمہ جنگلات حویلی کہوٹہ کے زیر اہتمام مون سون شجر کاری کے حوالہ سے پروگرام (بقیہ 23 صفحہ 03)

مظفرآباد: چیئرمین معائنہ عملدرآمد کمیشن رابعہ منصور، ثمینہ ممتاز ودیگر گرلز انٹر کالج کوہی کوٹ میں خطاب کر رہے ہیں

سیکرٹری زراعت ولائیوسٹاک جاوید ایوب کی ہدایت پر سوموار میٹنگز کا سلسلہ جاری

ریاست کو زرعی ترقی کی جانب گامزن کرنے کے لیے جہاں اور کئی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں وہیں یہ میٹنگز ضروری ہیں

اس سے نہ صرف محکمہ کے وقار میں اضافہ ہوا ہے، جدید شراکتی زراعت کے ویژن کو بھی عوام میں اُجاگر کیا جا رہا ہے، سیکرٹری

مظفرآباد (پی آئی ڈی) سیکرٹری زراعت و لائیوسٹاک جاوید ایوب کی ہدایت کے مطابق محکمہ زراعت کی "سوموار میٹنگز" کا سلسلہ باقاعدگی سے جاری ہے۔ اس سلسلہ میں آٹھویں سوموار میٹنگ 5 ستمبر 2022ء کو آزاد کشمیر کے تمام اضلاع میں گاؤں کی سطح پر منعقد ہوئیں۔ ریاست کو زرعی ترقی کی جانب گامزن کرنے کے لیے جہاں اور کئی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں وہیں یہ میٹنگز ان اقدامات میں سے ایک اہم قدم ہے اس سے نہ صرف (بقیہ 24 صفحہ 03)

وزیر بلدیات کا وزیراعظم سردار تنویر الیاس کے ہمراہ باغ کا دورہ

خواجہ فاروق احمد نے مظفرآباد سے باغ جانے والے عوامی قافلے کی قیادت بھی کی

مظفرآباد (پی آئی ڈی) وزیر بلدیات و دیہی ترقی آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر خواجہ فاروق احمد نے وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان کے ہمراہ باغ کا دورہ کیا۔ وزیر بلدیات خواجہ فاروق احمد مظفرآباد سے وزیراعظم آزاد کشمیر کے ہمراہ روانہ ہوئے اور مظفرآباد سے باغ جانے والے عوامی قافلے کی قیادت بھی کی۔ اس موقع پر پارٹی کارکنان اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر بلدیات خواجہ فاروق احمد نے وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان کی قیادت میں حکومت نے عوام سے کئے گئے وعدوں کی تکمیل کا آغاز کر دیا ہے۔ وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان مرحلہ وار بنیادوں پر آزاد کشمیر کے تمام اضلاع کے دورے کریں گے اور ہر ضلع کو اس کی ضرورت کے مطابق ترقیاتی منصوبے دیں (بقیہ 26 صفحہ 03)

معاون خصوصی کی قیادت میں وزیراعظم آزاد کشمیر کے استقبال کیلئے قافلہ روانہ

کوٹلی (پی آئی ڈی) معاون خصوصی وزیراعظم آزاد و جموں کشمیر رانیہ کنول ریاض کی قیادت میں سینکڑوں گاڑیوں کا بڑا قافلہ وزیراعظم آزاد جموں کشمیر سردار تنویر الیاس کے استقبال کے لیے باغ روانہ ہو گیا۔ اس موقع پر کثیر تعداد میں (بقیہ 25 صفحہ 03)

الخدمت فاؤنڈیشن ویمن ونگ ٹرسٹ لاہور ایجوکیشن پروگرام کے تحت شارٹ کمپیوٹر کورس کی تقریب تقسیم اسناد سے پروگرام منیجر خطاب کر رہی ہیں

بلوچ یونین کونسل نیریاں میں پی ٹی آئی کو جھٹکا نوجوانوں کی بڑی تعداد پیپلز پارٹی میں شامل

ووٹ لینے والوں نے ہمارے اعتماد کو ٹھیس پہنچائی تنگی گلہ بھتراں روڈ کی خستہ حالی پر کوئی توجہ نہیں دی گئی

خالد حبیب بزمی سردار افتخار اعظم سردار خالد محمود ڈاکٹر محمد زراعت اور سردار ابرار بھی موجود تھے شفیق کا خطاب

بلوچ (نمائندہ خصوصی) پیپلز پارٹی حلقہ بلوچ کرامت آباد نیریاں میں پروقار تقریب کا انعقاد۔ یونین کونسل نیریاں سے پی ٹی آئی کو دھچکا بڑی تعداد میں نوجوان پی پی پی میں شامل ہمارے تعمیر و ترقی اور روزگار کے نام پر ووٹ لینے والوں نے ہمارے اعتماد کو ٹھیس پہنچائی تنگی گلہ بھتراں روڈ کی خستہ حالی پر کوئی توجہ نہیں دی گئی لالی پاپ اور طفل تسلیوں سے تنگ آ کر آج پی ٹی آئی کو چھوڑ کر پیپلز پارٹی میں شامل ہو رہے ہیں اور سردار عنایت اللہ (بقیہ 27 صفحہ 03)

دھرتی کی آواز
کشمیر دھرتی
نیوز
KD NEWS
دلچسپ تبصرے
سیاسی تجزیے
انٹرویوز
تاریخی وتحقیقی رپورٹس
کلچر
سیاحت
اور بہت کچھ۔۔۔!
کشمیر کے خوبصورت نظاروں سے بھرپور چینل
تجربہ کار الیکٹرانک میڈیا پرسن کے ساتھ
Kashmir Dharti Digital · Dailydharti/facebook · Dailydharti / twitter · Dailydharti / Instagram · Dailydharti/group

For Daily Kashmir Dharti News Update
Follow u On
Kashmir Dharti Digital
Dailydharti/facebook
Dailydharti/group
Dailydharti / twitter
Dailydharti / Instagram
Dailydharti / zoom
HD NEWS

چیف ایڈیٹر وپبلیشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864 ، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com